www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG LAHORE
روزنامہ جنگ لاہور
بانی ...... میر خلیل الرحمٰن
جلد 44 | منگل 23 ذیقعد 1444ھ 13 جون 2023ء 30 جیٹھ 2080ب | شمارہ 241
TUESDAY JUNE 13, 2023
JangDotComDotPk · jangdotcom · jang_akhbar

کافروں کے لیے آگ

اور جو شخص اللہ پر اور اس کے پیغمبر پر ایمان نہ لائے تو ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے آگ تیار کر رکھی ہے O اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے۔ وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے سزا دے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے O جب تم لوگ غنیمتیں لینے چلو گے تو جو لوگ پیچھے رہ گئے وہ کہیں گے کہ ہمیں بھی اجازت دیجئے کہ آپ کے ساتھ چلیں یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے قول کو بدل دیں۔ O (جاری ہے) (سورۃ الفتح 48 ...ترجمہ آیت (15،13))

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

(قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا احترام آپ پر لازم ہے)

مہنگائی عروج پر، نادیدہ حالات پیش نہ آئے تو جون کے بعد کمی آنا شروع ہو جائیگی، اسٹیٹ بینک

شرح سود 21 فیصد برقرار

ملکی طلب کم رہے گی جس کا سبب سخت مانیٹری پالیسی، ملکی غیر یقینی کی صورتحال اور بیرونی کھاتوں پر مسلسل دباؤ ہے، مالی سال 2023 میں قومی پیداوار خاطر خواہ کم ہوئی، آئندہ مالی سال کا بجٹ معمولی سکڑاؤ کی نشاندہی کر رہا، اعلامیہ

کرنسی اکاؤنٹس منجمد کرنے کا کوئی امکان نہیں، بجٹ میں نئے ٹیکس مہنگائی کا پیش خیمہ ثابت نہیں ہونگے، آئی ایم ایف سبسڈیز کی مخالفت کرتا جس کو بجٹ میں کم کیا ہے، وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث

آئی ایم ایف نے بجٹ سے پہلے وزیراعظم کو شرائط وضاحت سے بتا دی تھیں

اسٹاف لیول معاہدہ صرف آئی ایم ایف کے دیے ہوئے رہنما خطوط پر عملدرآمد سے ہی ہو پائے گا

اسلام آباد (مہتاب حیدر) آئی ایم ایف کے مینیجنگ ڈائریکٹر نے بجٹ 2023-24 پیش ہونے سے قبل وزیراعظم شہباز شریف کو جواب دیتے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 41

لاہور، کراچی (سودی، جنگ نیوز، مانیٹرنگ سیل) اسٹیٹ بینک نے اگلے دو ماہ کے لیے مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا۔ مرکزی بینک کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی نے شرح سود بڑھانے کے اثرات کا جائزہ لینے کے بعد اگلے دو ماہ کے لیے شرح سود 21 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔ اسٹیٹ بینک کے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ اپریل اور مئی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 40

وزیر خزانہ کی چینی سفیر سے ملاقات، IMF اور بجٹ پر تبادلہ خیال

حمایت جاری رکھیں گے، چینی ناظم الامور، دو طرفہ تعلقات خوش آئند ہیں، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) چین نے پاکستان کی مسلسل حمایت جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے، چین کی ناظم الامور پانگ چن ژو اور وزیر خزانہ

صفحہ 6 بقیہ نمبر 39

ایک پارٹی اور اسکے چیئرمین نے تمام حدود پار کر دیں، حملے کیے، ریاستی اداروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، ایجنڈا ملک دشمنی پر مبنی ہے

ملٹری ایکٹ، قومی اسمبلی بھی حامی

سانحہ 9 مئی کے مرتکب عناصر کو فوری سزا دلوائی جائے

وزیر دفاع کی قرارداد منظور

آرمی تنصیبات پر حملہ کرنیوالوں کو سزا دینا دفاعی فورسز کا حق ہے، شواہد موجود ہیں، ملوث افراد کیخلاف کارروائی ہو گی، خواجہ آصف

مقدمات سویلین عدالتوں میں چلائے جائیں، جماعت اسلامی کی مخالفت، مجرموں، منصوبہ سازوں کو کٹہرے میں لایا جائے، سینیٹ میں بھی مذمتی قرارداد منظور

اسلام آباد (ایجنسیاں) سینیٹ نے 9 مئی کو فوجی تنصیبات و نجی املاک پر حملوں، آتش زنی اور توڑ پھوڑ کے شرمناک واقعات کی مذمتی قرارداد کی منظوری دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ان واقعات کے مجرموں، منصوبہ سازوں، سہولت کاروں اور اکسانے والوں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ادھر ایوان زیریں نے بھی سانحہ 9 مئی کے ذمہ داران کو ملٹری ایکٹ کے تحت سزائیں دینے کی حمایت کر دی۔ قومی اسمبلی نے ایک قرارداد کی منظوری دی ہے جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کے مرتکب عناصر کے خلاف آرمی ایکٹ 1952 کے تحت بلاتاخیر کارروائی مکمل کر کے انہیں سزا دلوائی جائے۔ جماعت اسلامی نے قرارداد کی مخالفت کی اور کہا کہ یہ کیسز سویلین عدالتوں میں چلائے جائیں۔ پیر کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے قرارداد

صفحہ 6 بقیہ نمبر 26



کراچی، سمندری طوفان کے پیش نظر ماہی گیروں نے اپنی کشتیاں لنگر انداز کر رکھی ہیں

”بائپر ہو گیا ہائپر“ کیٹی بندر، ٹھٹھہ، سجاول سے انخلاء

کراچی میں 100 ملی میٹر بارش کا امکان

طوفانی ہواؤں کی رفتار 200 کلومیٹر فی گھنٹہ، شہر قائد سے چند سو کلومیٹر دور، لہریں 40 فٹ بلند ہو سکتی ہیں، محکمہ موسمیات

اورماڑہ میں لہروں نے سڑک کا رخ کر لیا، بی ویو ڈوبنے لگا، کراچی میں گرمی کی شدت میں اضافہ، آج سے ملک بھر میں بارشوں کی پیش گوئی

کراچی، لاہور، ٹھٹھہ (جنگ نیوز، نیوز رپورٹر، نامہ نگار) بحیرہ عرب میں موجود سمندری طوفان بائپر جو کہ ایک انتہائی درجے کے سائیکلون میں تبدیل ہو کر ہائپر (شدید) ہو گیا ہے جواب کراچی سے چند سو کلومیٹر دور موجود ہے، طوفان کی شدت کے پیش

صفحہ 6 بقیہ نمبر 2

وزیراعظم کا مراد علی شاہ کو ٹیلیفون، سمندری طوفان سے نمٹنے میں تعاون کی یقین دہانی

وفاق کے زیر انتظام تمام ادارے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے سندھ حکومت کی مدد کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں، شہباز شریف

آئی ٹی، زراعت، سولرائزیشن، نوجوانوں کی ترقی پر خصوصی توجہ ہے، نوئٹ، روچیل اصغر کی ملاقات، پنجاب بجٹ اجلاس کی صدارت

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کو ٹیلیفون کیا اور سمندری طوفان کے حوالے سے تازہ ترین صورتحال اور اقدامات پر بات کی، وزیراعظم نے وزیر اعلیٰ سندھ کی سمندری طوفان کے خطرات سے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 1

اہم خبریں

قومی اسمبلی قرارداد کے ذریعہ اپنی مدت میں اضافہ نہیں کر سکتی، علی ظفر

پنجاب اور KP میں 90 دن میں انتخابات نہ کروا کے آئین کا قتل کیا جا چکا، وکیل پی ٹی آئی

راجہ ریاض اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہو جائیں، کیپٹل ٹاک میں حامد میر کی گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) تحریک انصاف کے وکیل بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ پنجاب اور کے پی میں 90 دن میں انتخابات نہ کروا کے آئین کا قتل کیا

صفحہ 6 بقیہ نمبر 38

وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات، داخلی و خارجی سلامتی کی صورتحال پر بریفنگ دی، ذرائع

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف

صفحہ 6 بقیہ نمبر 37

میئر کراچی کا معاملہ، پی ٹی آئی کے یو سیز چیئرمین نے حافظ نعیم کو ووٹ دینے سے انکار کر دیا

اسلام آباد (جنگ نیوز) پاکستان تحریک انصاف

صفحہ 6 بقیہ نمبر 36

طوفان 550 کلومیٹر دور، شدت برقرار، چیف میٹرولوجسٹ

صورتحال خراب ہوتی ہے تو شہر میں عام تعطیل کا اعلان کیا جا سکتا ہے، مرتضیٰ وہاب

استحکام پاکستان پارٹی ن لیگ کو تقویت دینے کیلئے بنائی گئی، حامد میر، جیو پر شاہزیب سے گفتگو

کراچی (ٹی وی رپورٹ) جیو کے پروگرام ”آج شاہزیب خانزادہ کے ساتھ“ میں گفتگو کرتے ہوئے چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے کہا کہ

صفحہ 6 بقیہ نمبر 35

FCDO، یونیورسٹی آف ایسیکس میں پاکستانی اسکالرز کیلئے معاہدہ

لاہور (آصف محمود بٹ سے) فارن، کامن

صفحہ 6 بقیہ نمبر 34

وزیر خزانہ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ

صفحہ 6 بقیہ نمبر 33

پی ٹی آئی کے 4 سالہ دور میں حکومتی قرضہ میں سو فیصد اضافہ ہوا

2018ء میں جو قرضہ 25 کھرب تھا جون 2022ء میں بڑھ کر 49 کھرب سے تجاوز کر گیا

2018ء میں گردشی قرضہ 1148 ارب اپریل 2022ء میں 2467 ارب ہو گیا

اسلام آباد (رپورٹ: حنیف خالد) پی ٹی آئی کے 4 سالہ دور میں حکومتی قرضہ میں سو فیصد اضافہ ہوا۔ 2018ء میں جو قرضہ 25 کھرب تھا جون 2022ء

صفحہ 6 بقیہ نمبر 32

دہشتگرد ترقی کا عمل روکنا چاہتے ہیں، چیئرمین سینیٹ، میرانشاہ میں فورسز پر فائرنگ کی مذمت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ محمد

صفحہ 6 بقیہ نمبر 7

9 مئی کو جی ایچ کیو حملہ میں ملوث ایک اور شرپسند کی شناخت لوگوں کو توڑ پھوڑ پر اکساتا رہا

لاہور (کرائم رپورٹر) 9 مئی کو جی ایچ کیو حملہ

صفحہ 6 بقیہ نمبر 22

علیم خان استحکام پاکستان کے صدر، عامر کیانی سیکرٹری جنرل نامزد

عون چوہدری ایڈیشنل سیکرٹری جنرل، فاکوانی، تنگریال، روکھڑی، نوانی، چوہان، فردوس عاشق، مراد راس ترجمان مقرر

لاہور (خصوصی رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے پیٹرن ان چیف جہانگیر خان ترین نے اپنے ٹوئٹر پیغام کے ذریعے پارٹی عہدیداروں کا اعلان

صفحہ 6 بقیہ نمبر 29

آئی ٹی اور ٹیلی کام کے فروغ کا فریم ورک جاری، سفارشات طلب

اسلام آباد (زبیر قصوری) حکومت پاکستان نے ملک بھر میں آئی ٹی اور ٹیلی کام کے فروغ کے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 28

شمالی وزیرستان، فورسز کے ساتھ فائرنگ، ایک دہشتگرد ہلاک، 2 زخمی

راولپنڈی (جنگ نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ فائرنگ کے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 6

اندرونی صفحات پر

سپریم کورٹ، صوبائی حکومتوں سے جنگلات کی زمینیں واگزار کرنیکی تفصیلات طلب صفحہ 3

پاکستان کیساتھ وعدوں سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے، روسی وزیر خارجہ صفحہ 3

”بجٹ پر بحث کا آغاز، تقاریر پر 9 مئی کے واقعات کا غلبہ رہا“

جتنا بڑا جرم ہے اتنی ”سزا نہیں ملی ایک ماہ گزر گیا“ کارروائی کی جائے، ارکان کا اسپیکر سے مطالبہ

ایم کیو ایم رکن کے سخت ریمارکس، 3 سال بعد معلوم ہوا ”دوا خروٹ ہے“ صلاح الدین

اجلاس میں چار وزراء اور 40 ارکان موجود، 30 سے زائد ارکان کی غیر حاضر رہنے کی درخواست

اسلام آباد (فاروق اقدس/ جائزہ رپورٹ) قومی اسمبلی میں بجٹ 2023-24 پر شروع بحث کے پہلے دن اجلاس میں چار وزراء اور 40 ارکان

صفحہ 6 بقیہ نمبر 8

مشکل حالات میں ساتھ دینے والے کارکنوں کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا

نواز شریف، سابق ایم پی اے چوہدری ایم اشرف وڑائچ کی ملاقات

نوشہرہ ورکاں (نامہ نگار) سابق ایم پی اے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 23

زرمبادلہ کو بہتر بنانے کیلئے جو پیسے باہر پڑے ہیں وہ ملک میں رکھیں، چیف جسٹس

بیرون ملک اثاثوں پر ٹیکس کے کیخلاف درخواستوں پر غیر منقولہ پراپرٹی پر سو فیصد ٹیکس پالیسی کیخلاف حکم امتناع جاری

ملک کو مالی مشکلات کا سامنا، سب کی ذمہ داری ہے کہ ان حالات میں تعاون کریں، چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کے ریمارکس

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) سپریم کورٹ نے بیرون ملک اثاثوں پر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے غیر منقولہ پراپرٹی پر سو فیصد ٹیکس عائد کرنے کی پالیسی کے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 19

چیئرمین PTI کی کرپشن کیس میں 14 روزہ حفاظتی ضمانت منظور

اسلام آباد کی ماتحت عدالتوں نے بھی عمران خان کی 9 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور کر لی

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے ڈیرہ غازی خان میں کرپشن کے مقدمہ میں چیئرمین پی ٹی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 18

جہانگیر ترین لندن پہنچ گئے نواز شریف سے ملاقات متوقع

لندن (پی پی آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 24

بشریٰ بی بی 190 ملین پاؤنڈ کیس میں آج نیب طلب

لاہور (نیوز رپورٹر) نیب راولپنڈی نے 190

صفحہ 6 بقیہ نمبر 4

بجلی کی یکساں قیمت کیلئے 579 ارب کی سبسڈی دی جائیگی، وزیر توانائی

فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کو بہت جلد چھٹکارا ملے گا، خرم دستگیر

لاہور (خصوصی نمائندہ/اپنے نامہ نگار سے) وفاقی وزیر برائے توانائی خرم دستگیر نے کہا ہے کہ بجلی کی یکساں قیمت کیلئے 579 ارب سبسڈی دی جائے گی۔ حکومت مشکل حالات کے باوجود عوام کو ریلیف دینے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے،

صفحہ 6 بقیہ نمبر 17



9 مئی کو کارکنوں کو ورغلایا آج جیلوں میں رل رہے ہیں، مریم نواز

پاک روس تعاون کی راہیں کھلنا شروع ہو گئیں، وزیر قانون

مال بردار شپنگ کا آغاز اور روسی تیل کی آمد خوش آئند بات ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی راہیں کھلنا شروع ہو گئی ہیں، پانچ مئی کو روس اور پاکستان کے درمیان مال بردار شپنگ کا آغاز اور گذشتہ روز روسی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 10

روسی تیل ریفائن ہونے کے بعد 2 ہفتے تک مارکیٹ میں آجائیگا، قیمتوں میں 30 سے 40 روپے تک کمی کا امکان

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) روس سے آنے والا

صفحہ 6 بقیہ نمبر 3

روسی تیل کی تسلسل کیساتھ فراہمی سے قیمتوں میں فرق آئیگا، مصدق ملک

ہمارا ہدف ہے کہ ایک تہائی خام تیل رعایتی قیمت پر روس سے آئے، جیو پاکستان میں گفتگو

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر مملکت برائے پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ روس سے تیل کی فراہمی تسلسل کے ساتھ شروع ہو جائے گی تو قیمتوں میں فرق آئیگا، ہم اپنی ضرورت کا ایک تہائی خام تیل روس سے لینا شروع ہو جائیں گے تو قیمتوں میں بڑا فرق

صفحہ 6 بقیہ نمبر 13

حکومت نے روس سے رعایتی خام تیل لانے کا وعدہ سچ کر دکھایا، وزیر اطلاعات

وزیراعظم شہباز شریف ہمیشہ کی طرح عوام سے کئے وعدے پورے کر رہے ہیں، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی حکومت نے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 21

پاکستان نے روسی تیل کی ادائیگی چائنیز یوآن میں کر دی

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر پیٹرولیم مصدق ملک

صفحہ 6 بقیہ نمبر 30

PDM والے کہتے تھے روس سے تیل خریدا تو معاشی پابندیاں لگ جائینگی، حماد اظہر

پی ٹی آئی نے روسی تیل کی پہلی کارگو پچھلے سال وصول کرنی تھی، افسوس ان لوگوں نے 14 ماہ لیٹ کیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم والے ماضی میں کہتے تھے روس سے تیل خریدا تو پاکستان پر معاشی پابندیاں لگ جائیں گی، سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے

صفحہ 6 بقیہ نمبر 20

امریکا کا اثر رسوخ کم، دنیا کی آدھی آبادی روس کی حامی بن گئی، سینئر صحافی سیمور ہرش

کراچی (نیوز ڈیسک) سینئر تحقیقاتی صحافی سیمور

صفحہ 6 بقیہ نمبر 31

حکومت کا تحریک لبیک سے مذاکرات کا فیصلہ، وزیر داخلہ کی سربراہی میں کمیٹی قائم

ٹی ایل پی کو سنا جائے اور ان کے جائز مطالبات بتائے جائیں، وزیراعظم شہباز شریف کی رانا ثناء اللہ کو ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیراعظم شہباز شریف نے ٹی ایل پی سے بات چیت کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو ہدایت دی ہے کہ ٹی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 9

عالمی امن، اقوام متحدہ کا پاک فوج اور پولیس کو خراج تحسین

پیس کیپنگ مشنز میں پاک آرمی کی خدمات اور کارکردگی پر تصویری نمائش کا انعقاد

اقوام متحدہ (عظیم ایم میاں) اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹرز میں اقوام متحدہ کے پیس کیپنگ (امن) مشنز کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان مشن برائے اقوام متحدہ نے یو این او کے امن دستوں کے لیے پاکستانی فوج اور پولیس کے دستوں کی مختلف ممالک

صفحہ 6 بقیہ نمبر 25

نیب کو غیر سیاسی بنا کر کھویا ہوا مقام واپس دلاؤنگا، چیئرمین نذیر بٹ

ہماری کوششوں کے نتائج کچھ عرصے بعد نظر آ جائینگے، ہاؤسنگ سیکٹر میں دھوکہ مشکل ہوگا

لاہور ہاؤسنگ اسکینڈل متاثرین کو 4 ارب کے چیک دینے کی تقریب سے خطاب، جناح ہاؤس کا بھی دورہ

لاہور (نیوز رپورٹر) قومی احتساب بیورو (نیب) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد بٹ نے کہا ہے کہ وعدہ کرتا ہوں نیب کو صد فیصد غیر سیاسی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 11

9 مئی کے واقعات کو ایک ماہ گزر گیا، کسی کو بھی سزا نہیں ملی، راجہ ریاض

وزیر داخلہ اور وزیر قانون ایوان کو بریفنگ دیں اب تک کیا کارروائی ہوئی، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف راجہ ریاض نے کہا ہے کہ 9 مئی کے واقعات کو ایک ماہ گزر گیا ہے کسی کو بھی سزا نہیں ملی۔

صفحہ 6 بقیہ نمبر 27

وزیر اعلیٰ پنجاب کا شکایت سیل، مانیٹرنگ یونٹ کا دورہ، افسر، عملہ غائب، سربراہ فارغ

خالی دفاتر میں ایئر کنڈیشنڈ چلتے دیکھ کر سخت برہم، سائلین سے خود فون پر مسائل سنے، ایگریکلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا بھی دورہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے وزیر اعلیٰ شکایت سیل اور اسپیشل مانیٹرنگ یونٹ کا اچانک دورہ کر کے مختلف شعبوں کا معائنہ اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔ بعض افسر اور عملہ دفتر میں موجود نہیں تھا جبکہ ایئر کنڈیشنڈ چل رہے تھے۔ وزیر اعلیٰ عملے کی غیر حاضری پر سخت برہم ہوئے اور شکایت سیل کے سربراہ کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ افسر اور عملے کی غیر

صفحہ 6 بقیہ نمبر 16

حمزہ کرامت بھی استحکام پاکستان پارٹی چھوڑ کر ق لیگ میں چلے گئے

لاہور (خصوصی رپورٹر) نئی سیاسی جماعت استحکام

صفحہ 6 بقیہ نمبر 12

سینیٹ، ایک سال میں 10 کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے

تم لوگ پاکستان دشمن ہو، آصف کرمانی، ن لیگ اور PTI سینیٹرز میں تلخ کلامی، نازیبا جملوں کا تبادلہ، شور شرابہ

اسلام آباد (ایجنسیاں) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے کہا ہے کہ آج ملک میں 38 فیصد کی بدترین مہنگائی ہے، کھانے پینے کی

صفحہ 6 بقیہ نمبر 15

توڑ پھوڑ کیس، شاہ محمود قریشی کی عبوری ضمانت منظور

عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے تھانہ سی ٹی ڈی میں درج مقدمہ میں عامر کیانی کی ضمانت بھی منظور کر لی

اسلام آباد (خبر نگار) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج راجہ جواد عباس حسن نے الیکشن کمیشن فیصلہ کے خلاف احتجاج اور توڑ پھوڑ کیس

صفحہ 6 بقیہ نمبر 14

انتخابات میں تاخیر کا فیصلہ پارلیمنٹ کریگی، فضل الرحمٰن

پچھلی حکومت نے معیشت کو زمین بوس کیا، چیئرمین پی ٹی آئی کیخلاف کارروائی کیوں نہیں ہو رہی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں عام انتخابات کی آئینی مدت سے آگے بڑھانے کا فیصلہ پارلیمنٹ کرے گی، کوئی شک نہیں پچھلی حکومت

صفحہ 6 بقیہ نمبر 5

شہر کی آواز

پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ، ڈاکٹرز کی کمی کو پورا کرنے کیلئے انقلابی قدم، وزیر صحت

ڈاکٹر جاوید اکرم کی صدارت سپیشلائزڈ ہیلتھ میں اجلاس، فاطمہ جناح اور کنگ ایڈورڈ کے سیمینارز میں شرکت

لاہور (جنرل رپورٹر) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے نگراں وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے میو ہسپتال میں فائرنگ کے دل خراش واقعہ پر اظہار افسوس کیا اور شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں پوسٹ گریجویٹ میڈیکل ڈپلومہ پروگرام کے آغاز سے ڈی ایچ کیوز اور ٹی ایچ کیوز میں ڈاکٹرز کی کمی کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کرنے میں مدد ملے گی، یہ ایک انقلابی قدم ہے۔ داخلہ کیلئے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن سے این او سی لینا ہوگا۔ ڈپلومہ پروگرام کا اکیڈمک کیلنڈر ہر سال دسمبر میں جاری کیا جائے گا۔ بعدازاں صوبائی وزیر نے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے سیمینار اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے شعبہ اونکالوجی کے زیر اہتمام بڑی آنت کے کینسر کے موضوع پر سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل، پروفیسر ڈاکٹر نورین اکمل، پروفیسر بلقیس شبیر، واصف ناگی، پروفیسر کامران خالد، پروفیسر منزہ خالد اور طالبات کی کثیر تعداد نے بھی شرکت کی۔

جمعیت اہلحدیث عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی، علامہ ہشام الٰہی ظہیر

لاہور (خصوصی نمائندہ) جمعیت اہل حدیث پاکستان کا ایک اہم اجلاس گزشتہ روز مرکزی صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر کی صدارت میں مرکزی دفتر یو ای ٹی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ہوا۔ علامہ ڈاکٹر ذاکر الرحمٰن صدیقی، علامہ طارق محمود یزدانی، مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری و دیگر تنظیمی عہدیداران، رہنماؤں و کارکنان نے شرکت کی۔ امیر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے اعلان کیا کہ جمعیت اہلحدیث عام انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔

کمشنر کا زیر تعمیر سمن آباد انڈر پاس کا جائزہ، جناح اور میو ہسپتال کا بھی دورہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) کمشنر محمد علی رندھاوا نے زیر تعمیر سمن آباد انڈر پاس کا دورہ کیا، کاموں کا جائزہ لیا۔ کمشنر نے انڈر پاس کے بیرل پر کام کی رفتار کو بڑھانے اور مزید لیبر بڑھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ انڈر پاس کی ڈیڈ لائن کے مطابق تکمیل ہوگی۔ کمشنر نے ملتان سے لاہور آتے بس حادثے میں زخمی افراد کی تیمارداری و بہترین نگہداشت کے لیے جناح ہسپتال اور میو ہسپتال کا دورہ کیا۔

بلوچ اتحاد کی تمام تنظیموں کو تحلیل کرنے کا اعلان

لاہور (پ ر) چیئرمین آرگنائزر دانش بلوچ نے بلوچ اتحاد کی تمام تنظیموں کو تحلیل کرنے کا اعلان کر دیا۔ بلوچ اتحاد پنجاب کے اعلامیہ کے مطابق نئی ممبر سازی کیلئے نگران آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دیدی گئی جو تنظیم سازی کا عمل مکمل کر یگی۔ نئی کابینہ کے چناؤ کیلئے انجینئر سہیل لاشاری بلوچ کو چیف الیکشن کمشنر پنجاب مقرر کر دیا گیا۔

قوم کے ہیروز کی بے حرمتی کرنیوالوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، نور اعوان

لاہور (خصوصی نمائندہ) مسلم لیگ (ن) جاپان کے صدر ملک نور اعوان نے کہا ہے کہ شہداء اور قوم کے ہیروز کی بے حرمتی کرنے والے شرپسندوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ایک شخص نے اپنی سیاسی تنہائی کا بدلہ پاکستان سے لینے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے مزید کہا اوور سیز پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہیں۔

تجھے نماز کی فرصت نہیں تعجب ہے

صبح صادق	3:19	فجر	4:20
ظہر	1:30	عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب	عشاء	9:15

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل			
ظہرین	1:00 تا 1:30		
مغربین	غروب آفتاب سے 10 منٹ بعد		
غروب آفتاب	7:08	طلوع آفتاب	4:57

نوٹ: یہ اوقات نماز لاہور کیلئے ہیں، دوسرے شہروں کے رہنے والے اپنے مقامی وقت کے مطابق نماز ادا کریں۔

اپنی مصروفیات میں موسم کو سامنے رکھیں

لاہور (نیٹ نیوز) لاہور میں آج آندھی اور بارش کا امکان ہے۔ شہر میں آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41 سینٹی گریڈ اور کم سے کم درجہ حرارت 27 سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔

پنجاب یونیورسٹی، ورلڈ کڈز اتھلیٹکس ڈے کی مناسبت سے کھیلوں کا انعقاد

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام ورلڈ کڈز اتھلیٹکس ڈے کی مناسبت سے مختلف کھیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال بٹ، سیکرٹری جنرل اتھلیٹکس فیڈریشن محمد ظفر، سابق ہاکی اولمپئن خواجہ جنید اور مختلف سکولوں سے بچوں نے بھرپور شرکت کی۔

پاکستان بغیر نسخہ ادویات کے استعمال میں دنیا کا تیسرا بڑا ملک بن گیا

ڈاکٹر کی ہدایت پر چلنا چاہیے، ہر فارمیسی پر فارماسسٹ کی تعیناتی ناگزیر ہے، سلمان کاظمی، نور محمد مہر

لاہور (محمد صابر اعوان سے) پاکستان ڈاکٹری نسخے و مشورے کے بغیر سیلف میڈیکیشن ادویات کے استعمال میں دنیا کا تیسرا بڑا ملک بن گیا ہے جہاں 22 فیصد عوام خود اپنے لئے ادویات کا انتخاب کرکے استعمال شروع کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ صحت یاب ہونے کی بجائے مزید بیمار ہو جاتے، 40 فیصد عوام پیراسیٹامول اور 15 فیصد عوام اینٹی بائیوٹکس کا استعمال خود سے کرتے ہیں، ایک حالیہ سروے کے مطابق پاکستان اور دنیا بھر میں سیلف میڈیکیشن بہت بڑا عالمی مسئلہ بنتا جا رہا ہے، یورپ سے بھی زیادہ وہ اینٹی بائیوٹک ادویات پاکستان میں استعمال کی جاتی ہیں، پاکستان بغیر نسخہ کے الرجی اور نشہ آور ادویات کے استعمال میں دنیا بھر میں 5 ویں نمبر پر ہے، میو ہسپتال کے شعبہ میڈیسن کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سلمان کاظمی نے جنگ سے گفتگو میں کہا کہ شہریوں کو چاہئے کہ وہ ڈاکٹری ہدایت اور بتائی گئی خوراک سے تجاوز نہ کریں۔ ڈرگ لائیرز فورم کے صدر اور ماہر فارماسسٹ نور محمد مہر نے بتایا کہ پاکستان میں ہر میڈیکل سٹور فارمیسی پر ماہر فارماسسٹ کی تعیناتی انتہائی ضروری ہے، کوئی بھی دوا بغیر ڈاکٹری نسخہ کے استعمال کروانا قانونی جرم ہے۔



فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی تقریب میں وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم، ڈاکٹر مسعود گوندل کو شیلڈ دیتے ہوئے، ڈاکٹر منزہ، ڈاکٹر کامران خالد خواجہ، ڈاکٹر شمسہ ہمایوں، واصف ناگی و دیگر موجود ہیں

محکمہ صحت میں ایڈہاک تقرریوں کیلئے تیاری شروع کر دی، جمال ناصر

لاہور (جنرل رپورٹر) نگراں وزیر پرائمری و سیکنڈری ہیلتھ ڈاکٹر جمال ناصر نے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ صحت میں ایڈہاک تقرریوں کے لئے جامع پالیسی کی تیاری شروع کر دی گئی۔ اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ نئے بجٹ میں ہسپتالوں میں لیبارٹریوں کی بہتری کے لئے بھاری فنڈز مختص کئے جا رہے ہیں۔

پارلیمانی نظام کا بنیادی اصول عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنا ہے، جماعت اسلامی

انتخابات کنونشن آج الحمرا ہو گا، سراج الحق خطاب کرینگے، لیاقت بلوچ، جاوید قصوری، ضیا الدین انصاری و دیگر

لاہور (نمائندہ خصوصی) نائب امیر جماعت اسلامی، سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے باجوڑ، ملاکنڈ، دیر لوئر اور راولپنڈی میں عوامی اجتماعات، ورکرز کنونشن، میڈیا کارکنان کی ٹریننگ ورکشاپ سے خطاب کیا۔ سابق ایم پی اے باجوڑ سراج الدین خان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور دیر لوئر ثمر گرہ میں کراچی بلدیاتی عوامی مینڈیٹ پر پی پی پی اور سندھ حکومت کے مشترکہ شب خونی واردات کے خلاف احتجاجی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاست، جمہوریت، انتخابات بلدیاتی اور پارلیمانی نظام کا بنیادی اصول عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے 2023ء انتخابات کے لیے بھرپور مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ 13 جون وسطی پنجاب کا لاہور، 24 جون کو امن جرگہ کوئٹہ بلوچستان اور 16 جولائی اندرون سندھ اضلاع کا انتخابی کنونشن ہوگا۔ امیر پنجاب جاوید قصوری نے نصر اللہ گورائیہ، ضیاالدین انصاری، چوہدری شوکت، خالد بٹ، فاروق چوہان اور عمران الحق کے ہمراہ پریس کلب لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی طرح پی ڈی ایم کی حکومت نے بھی قوم کو مایوس کیا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ حکومت الیکشن کو اگلے سال تک لے جانا چاہتی ہے۔ جس کو کسی صورت میں بھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انتخابات کنونشن آج منگل الحمرا ہال میں ہوگا۔ امیر جماعت سراج الحق خصوصی خطاب کریں گے۔

ن لیگ کا تنظیمی اجلاس، سیاسی ایونٹس کیلئے مستقل کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ

لاہور (خصوصی نمائندہ) صدر مسلم لیگ ن لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر اور جنرل سیکرٹری خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت نصیر آباد دفتر میں تنظیمی امور پر اجلاس ہوا۔ سابق ارکان اسمبلی چودھری شہباز احمد، بجت شیخ، ملک خالد فاروق کھوکھر سمیت دیگر نے شرکت کی۔ لاہور میں مستقبل کے سیاسی ایونٹس کے لیے مستقل کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بعدازاں سیف الملوک کھوکھر، عمران نذیر، عامر خان و دیگر نے کارکنوں سے گفتگو میں کہا ہے کہ ایک نام نہاد سیاسی جماعت نے ملک کے ساتھ جو کچھ کیا نہ جانے اس کے منفی اثرات کب تک بھگتنا پڑیں گے۔

20 جون کو لبرٹی چوک میں جشن بینظیر جلسہ تاریخ رقم کریگا، اسلم گل

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) پیپلز پارٹی لاہور کے صدر چودھری اسلم گل نے کہا ہے کہ 20 جون کو لبرٹی چوک میں جشن بینظیر جلسہ پنجاب کی تاریخ رقم کریگا، جلسہ کامیاب بنانے کیلئے سٹیج، انتظامیہ، استقبالیہ اور رابطہ کمیٹیاں تشکیل دیدی ہیں۔ وہ گزشتہ روز ایگزیکٹو اجلاس سے سینٹرل سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر عمر شریف بخاری، چودھری آصف ناگرہ، امجد جٹ، زاہد ذوالفقار، میر شکیل چنی، چودھری عاطف رفیق، عامر نصیر بٹ، صداقت شیروانی، چودھری ریاض، اسلم گڑا، خدیجہ حسن بھی موجود تھے۔

میو ہسپتال میں مریض کا قتل ینگ ڈاکٹرز کی احتجاجی واک

لاہور (جنرل رپورٹر) میو ہسپتال میں مریض کو قتل کئے کا معاملہ، گزشتہ روز ینگ ڈاکٹرز میو ہسپتال اور ینگ نرسز ایسوسی ایشن پر مشتمل گرینڈ ہیلتھ الائنس نے ایمرجنسی سے سرجیکل ٹاور تک احتجاجی واک کی، اس کے بعد پریس کانفرنس میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں کے علاوہ نرسز کے نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب فی الفور سیکورٹی بل پاس کریں ورنہ انتہائی اقدامات پر مجبور ہوں گے۔

تحریک وفاق پاکستان استقلال پارٹی میں ضم ہوگئی

لاہور (کورٹ رپورٹر) تحریک وفاق پاکستان استقلال پارٹی میں ضم ہوگئی۔ گزشتہ روز تحریک وفاق پاکستان کے چیئرمین منظور بھٹی نے استقلال پارٹی میں ضم ہونے کا باقاعدہ اعلان کیا۔ استقلال پارٹی کے چیئرمین سید منظور علی گیلانی نے شمولیت کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ تحریک وفاق پاکستان کے وفد جن میں چیئرپرسن بیگم رابعہ پروین، رضیہ بیگم، عائشہ رخسار، جاوید اقبال، عبدالاعظم بلوچ سمیت دیگر عہدیدار شامل تھے۔

جرم انصاف سزا

ڈاکے اور چوریاں گھروں دکانوں میں لاکھوں کی وارداتیں راہگیروں سے موٹرسائیکلیں چھین لیں

فیکٹری ایریا، ڈیفنس بی، سندر، کاہنہ، نواب ٹاؤن، شالیمار و دیگر مقامات پر لوٹ مار، متعدد شہریوں کی گاڑیاں چوری

لاہور، کاہنہ، چوہنگ (کرائم رپورٹر، نامہ نگاران) صوبائی دارالحکومت میں متعدد وارداتیں، نامعلوم چور فیکٹری ایریا میں شفیق کے گھر سے 13 لاکھ روپے کی نقدی، زیورات اور دیگر قیمتی اشیا، ڈیفنس بی میں نامعلوم چور علی طارق کے گھر سے 21 لاکھ 70 ہزار روپے کی نقدی، زیورات اور دیگر سامان، سندر میں چور واجد حسین کے گھر سے 22 لاکھ 50 ہزار روپے کے زیورات، نقدی، پرائز بانڈ اور الیکٹرونکس کا سامان، نواب ٹاؤن میں چور شہزاد منیر کے گھر سے 12 لاکھ روپے کی نقدی، زیورات اور دیگر قیمتی اشیا چوری کرکے لے گئے، ڈیفنس اے میں ڈاکو احمد رضا کے آئس کریم شاپ میں گھس کر گن پوائنٹ پر ساڑھے چار لاکھ روپے، سندر مل روڈ پر 3 ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر کریانہ سٹور کے مالک سے 3 لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا گیا، مصطفیٰ آباد میں اویس کی ملک شاپ سے 70 ہزار روپے، شالیمار میں عظیم کی فارمیسی سے 50 ہزار روپے، نشتر کالونی میں اجمل کی موبائل شاپ سے 50 ہزار، کاہنہ کے علاقہ خالد ٹاؤن میں ڈاکو بلڈنگ میٹریل کی دکان میں مالک عبدالرزاق سے گن پوائنٹ پر 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے۔ گن پوائنٹ پر لوئر مال سے اصغر علی، ستوکتلہ سے جعفر حسین اور بے داس کی موٹرسائیکلیں اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے جبکہ چوہنگ، ساندہ، ہنجروال، لیاقت آباد، رائیونڈ سٹی، ڈیفنس سے کاریں اور لٹن روڈ، شیراکوٹ، نولکھا، مصطفیٰ آباد، راوی روڈ، ساندہ، گارڈن ٹاؤن سے موٹرسائیکلیں چوری ہوگئیں۔

پولیس ملازمین کے بچوں کا سنٹرل پولیس آفس کا دورہ، آئی جی کیساتھ گپ شپ

تمام 53 بچوں کو 500 روپے فی کس دیئے گئے، آئی جی کی اہلکار حافظ نعمان شہید کی نماز جنازہ میں بھی شرکت

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی دعوت پر سنٹرل پولیس آفس میں کام کرنے والے پولیس ملازمین کے بچوں نے سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا۔ آئی جی کی کمیٹی روم میں بچوں سے ملاقات، خوش آمدید کہا، بچوں سے گپ شپ لگائی، تعلیم بارے دریافت کیا اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ آئی جی نے کہا کہ پنجاب پولیس ایک فیملی کی مانند ہے، جس کے بچے، بزرگ، اہل خانہ، خوشیاں اور غم سانجھے ہیں، ایسے ٹور بچوں کے شعور میں اضافے کے ساتھ ساتھ خوشگوار یادوں کا سبب بنتے ہیں۔ آئی جی نے 1787 پر شہری کی بات سن کر شکایت درج کرنے پر ایس پی کنٹرول روم اکرام اللہ کی بیٹی سارہ اور آپریشن کنٹرول روم کے کانسٹیبل سہیل قیلب کے بیٹے داؤد قیلب کو 10، 10 ہزار روپے انعام دیا۔ اس موقع پر سارہ اکرام نے اپنے ہاتھ سے بنایا گیا آئی جی پنجاب کا پورٹریٹ انکو تحفہ بھی کیا۔ آئی جی پنجاب کی جانب سے سی پی او آنے والے تمام 53 بچوں کو 500 روپے فی کس دیئے گئے۔ بعدازاں آئی جی نے پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ڈولفن اہلکار حافظ نعمان شہید کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ شہید کی فیملی سے بھی ملاقات کی اور انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اہلکار نعمان پندرہ روز قبل ڈاکوؤں کی فائرنگ سے اپنے ساتھی محسن یوسف کے ہمراہ شدید زخمی ہوئے تھے۔



آئی جی بچوں کے ساتھ خوشگوار موڈ میں

بھارتی ماہی گیر کی میت واہگہ بارڈر پر بھارتی حکام کے حوالے

لاہور (کرائم رپورٹر) بھارتی ماہی گیر کی میت واہگہ بارڈر پر بھارتی حکام کے حوالے کر دی گئی۔ 60 سالہ بھلا جوتھہ کی 22 مئی کو ہسپتال میں موت ہوگئی تھی، کئی ماہ سے کراچی کی ملیر جیل میں قید تھا، ایدھی فاؤنڈیشن نے بھارتی ماہی گیر کی میت بذریعہ ہوائی جہاز کراچی سے لاہور پہنچائی۔

سی آئی اے، 4 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) سی آئی اے اغوا برائے تاوان سیل پولیس نے چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے سرغنہ علی رضا، حمزہ، اویس اور قیوم کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے، موبائل فون، 7 عدد موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔

مختلف مقامات سے 7 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد، باغبانپورہ میں پراسرار ہلاکت

52 سالہ طاہر محمود گھر میں مردہ پایا گیا، نشے کی زیادتی سے بھی اموات ہوئیں، ایدھی، کارروائی شروع

لاہور، چوہنگ (کرائم رپورٹر، نامہ نگار) صوبائی دارالحکومت کے مختلف مقامات سے 7 نامعلوم افراد سمیت 8 لاشیں برآمد، رائیونڈ کے بھوکی گاؤں کے تالاب سے نامعلوم نوجوان لڑکے کی مسخ شدہ لاش ملی، ایدھی ترجمان کے مطابق لاری اڈا کے علاقہ میں 70 سالہ بزرگ شہری سڑک کنارے مردہ حالت میں پایا گیا، اسلامیہ پارک کے قریب سے 35 سالہ نامعلوم، باغ جناح کے قریب فٹ پاتھ کنارے سے 55 سالہ نامعلوم شخص، ستوکتلہ سے 35 سالہ نامعلوم شخص، دھرم پورہ مین بازار کے قریب سے 50 سالہ نامعلوم، ملتان کوٹ کی حدود سے 40 سالہ نامعلوم شخص نشے کی زیادتی کے باعث دم توڑ گئے جبکہ باغبانپورہ کے علاقے زیتون کالونی میں واقع گھر کے اندر 52 سالہ طاہر محمود پراسرار طور پر مردہ حالت میں پایا گیا، پولیس نے کارروائی کے بعد لاشوں کو مردہ خانہ منتقل کر دیا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

رجسٹرڈ ایل 140 فون 83-36367480

جلد 44 | منگل 23 ذیقعد 1444ھ 13 جون 2023ء 30 جیٹھ 2080ب | شمارہ 241

سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ: پاکستان کیساتھ وعدوں سے کبھی پیچھے نہیں ہٹے، روسی وزیر خارجہ

عالمی نظام کی تشکیل کیلئے اسلام آباد کیساتھ ملکر کھڑے ہیں، سرگئی لاوروف کا پاکستانیوں سے خصوصی خطاب، اردو میں ”پاکستان روس دوستی زندہ باد“ کا نعرہ لگایا

لاہور (مانیٹرنگ سیل) روس نے پاکستانی قوم کو دونوں ممالک کے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سفارتی تعلقات کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ روس پاکستان کیساتھ وعدوں سے کبھی دستبردار نہیں ہوا۔ وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے پاکستانی قوم سے خصوصی ویڈیو خطاب میں اردو میں پاکستان روس دوستی زندہ باد کا نعرہ لگایا، انہوں نے کہا کہ مجھے روس اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ پاکستانی عوام روس اور صدر ولادیمیر پوتن کے تئیں کتنی دلچسپی اور احترام کرتے ہیں، گزشتہ ایک صدی کے تین چوتھائیوں میں ہمارے تعلقات میں مختلف ادوار آئے ہیں۔ تاہم روس نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ تعاون کو وسعت دینے میں دلچسپی لی ہے، اور کسی بھی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 1

لاہور ہائیکورٹ، پنجاب ایگری کلچرل مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کے عہدیداران کو ہٹانے کا نوٹیفکیشن معطل

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 2

عالمی تناؤ بڑھتے ہی جوہری ہتھیاروں کے اخراجات، ہتھیاروں میں اضافہ، مطالعہ

دنیا کی 9 جوہری ہتھیاروں سے مسلح ریاستوں نے گزشتہ سال اپنے ہتھیاروں پر 82.9 ارب ڈالر خرچ کیے

جنیوا (اے ایف پی) گزشتہ روز سامنے والی دو رپورٹس کے مطابق دنیا کی جوہری طاقتوں اور خاص طور پر چین نے 2022 میں مسلسل تیسرے سال اپنے ہتھیاروں میں سرمایہ کاری میں اضافہ کیا ہے۔ جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کی بین الاقوامی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 3

سندھ حکومت چین سے سیکڑوں ہائبرڈ بسیں خریدے گی، شرجیل میمن

کراچی (آئی این پی) وزیر اطلاعات و ٹرانسپورٹ سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت جولائی سے شروع ہونے والے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 4

آئی ایم ایف اور جیو پالیٹکس

دور نو ☆☆☆ علی معین نوازش



am.nawazish@janggroup.com.pk

بدقسمتی سے یہ پاکستان کا المیہ ہے کہ جو چیز ملک کے لئے اچھی ہے، وہ ضروری نہیں کہ ملکی سیاست کے لئے بھی اچھی ہو۔ یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ ہمارے مقامی سیاسی حقائق ہمیں وہ اقدام اٹھانے سے روکتے ہیں جو حقیقی طور پر پاکستان اور اس کے تابناک مستقبل کے لئے ضروری ہیں۔ گزشتہ ہفتے آئندہ مالی سال کے لئے پیش کئے گئے بجٹ کے حوالے سے پیشگی باتیں شروع ہو گئی تھیں کہ کیا یہ بجٹ انتخابی سال کا بجٹ اور عوام کو ریلیف دینے والا بجٹ ہوگا یا پھر ایم آئی ایف کے بتائے گئے اور ان معاشی اصولوں کے مطابق ہوگا جو معاشی استحکام اور پاکستان کے لئے ضروری ہیں۔ اب بجٹ آنے کے بعد یہ محسوس ہو رہا ہے کہ یہ بجٹ انتخابی سال کا ہی بجٹ ہے جس میں عوامی سیکٹر پر خرچ کئے جانے والے فنڈز میں اضافہ کیا گیا ہے اور سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بھی 35 فیصد تک بڑھا دی گئی ہیں۔

آئندہ مالی سال کے بجٹ کے بعد اب یہ اندیشہ ہے کہ شاید ایم آئی ایف کا پروگرام بحال نہیں ہو پائے گا۔ فروری سے حکومت اس کوشش میں ہے کہ کسی طرح آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ طے پا جائے لیکن اب تک کچھ بھی فیصلہ کن صورت نہیں بن پائی ہے۔ آئی ایم ایف پروگرام جون میں ختم ہو رہا ہے، درمیان میں تھوڑی امید نظر آئی تھی کہ یہ پروگرام بحال ہو جائے گا لیکن اب وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور وزیر اعظم صاحب نے بھی اپنے بیانات میں پلان بی کا ذکر کرنا شروع کر دیا ہے۔ کبھی ہم معاشی خودکشی کی بات کرتے ہیں اور کبھی ہمیں لگتا ہے کہ ہمارے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہو رہی ہے۔

جمعہ کے روز جب شاہزیب خانزادہ کے

صفحہ 4 بقیہ نمبر 1

عمران خان۔۔۔رونگ نمبر؟

اشارہ — شکیل انجم



تاریخ نے عروج اور اقتدار میں دوام نہیں دیکھا اور اس کے اوراق یہی ثابت کرنے کی کوششوں سے بھرے پڑے ہیں کہ عروج اور اقتدار ہمیشہ ساتھ نہیں رہتے اور یہی نظام قدرت ہے!

تاریخ نے عروج اور شہرت کی بلندیوں کو چھونے والے لاتعداد متکبر افراد کو تنزلی اور تذلیل کی دلدلوں میں گرتے دیکھا ہے۔

انتہائی مختصر دورانیے میں عروج پانے والے عمران خان نے اتنی سرعت کے ساتھ تنزلی کا سفر شروع کرنے کے بعد کیا یہ تسلیم کیا کہ عروج و زوال اور عزت و ذلت دینے کا اختیار صرف اس ذات اقدس کے پاس ہے جو نظام کائنات چلا رہا۔ عزت، ذلت، زندگی اور موت جس کے دست قدرت میں ہے۔ کیا ان حالات میں عمران خان نے اپنی ان غلطیوں پر غور کیا جس کے پس منظر میں انہوں نے ان سے محبت اور ان کی پیروی کرنے والی نوجوان نسل کو گمراہ کر کے انہیں ملک اور فوج کے خلاف بغاوت پر آمادہ کیا اور جو سرکشی، غداری اور بغاوت کے جرائم کی پاداش میں جیلوں میں ہیں۔ یہ کیسا لیڈر ہے جس نے صرف اقتدار کی ہوس میں قوم کے بیٹوں کو قربان کر دیا اور اپنے دونوں بیٹوں کے ساتھ پرفضا مقام پر وقت گزارنے کی خواہش ظاہر کی؟

وہ وقت دور نہیں جب قوم حقیقت سے آگاہ ہو گی اور اس قدر بیدار ہو گی کہ تحریک انصاف کا ہر رکن خود کو عمران خان کا پیروکار کہلانے میں شرم محسوس کرے گا۔

عمران نیازی نے سب سے پہلا دھوکہ خیبر پختونخواہ کے نوجوانوں کو دیا اور انقلاب یا بغاوت کے نام پر نوجوان نسل کو گمراہ کر کے حساس فوجی تنصیبات پر حملے کروائے اور اس لیڈر نے نا صرف مشکلات کا شکار ان نوجوانوں کو لاوارث چھوڑ دیا بلکہ بغاوت، بلووں اور حساس تنصیبات پر حملوں کی

صفحہ 4 بقیہ نمبر 2

سپریم کورٹ: صوبائی حکومتوں سے جنگلاتی زمینیں واگزار کرانے کی تفصیلات طلب

جنگلاتی زمینوں پر تجاوزات قائم کی جا رہی ہیں حکومتیں درخت لگانے کیلئے کیا اقدامات کر رہی ہیں، جسٹس عمر عطا بندیال کے ریمارکس

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان نے جنگلات کی زمینوں پر قبضے کے خلاف کیس میں جنگلات کی زمینوں کو واگزار کرنے کے حوالے سے تفصیلات طلب کر لیں۔ گزشتہ روز چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت کی۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد کی طرف والے مارگلہ کے پہاڑوں پر درخت نظر آتے ہیں، مارگلہ ہلز کی دوسری طرف مائننگ ہو رہی ہے۔ محقق وکیل راجہ شفقت نے عدالت کو بتایا کہ مارگلہ ہلز کا وہ علاقہ خیبر پختونخوا میں

صفحہ 8 بقیہ نمبر 8

حکمران 9 مئی واقعہ کو بیانیہ بنا کر الیکشن کی طرف جائیں گے، شیخ رشید

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف

صفحہ 8 بقیہ نمبر 9

ٹریفک حادثات: کندھ کوٹ میں ایک خاندان کے 6 افراد، ٹل میں 9 زائرین جاں بحق، 13 زخمی

ساقی موڑ کے مقام پر کٹے سے بھرا ٹرالر رکشہ کے اوپر الٹ گیا، نیریاں عرس سے واپس جانے والی بس کھائی میں گر گئی

کندھ کوٹ، گوجرانوالہ (جنگ نیوز، نمائندہ جنگ) کندھ کوٹ میں ساقی موڑ کے مقام پر ٹرک 2 رکشوں پر الٹ گیا، حادثے میں 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ اوور ٹیکنگ کے باعث پیش آنے والے خوفناک ٹریفک حادثے کے دو گھنٹے تک سینکڑوں شہری اپنی مدد آپ کے تحت ملبے کو ہٹانے میں مصروف رہے جب کہ پولیس اور ریسکیو کی ٹیمیں بھی امدادی سرگرمیاں میں شامل رہیں۔ حادثے میں خاتون اور تین بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 6 افراد کی لاشیں نکال لی گئی جبکہ دیگر افراد کو طبی امداد فراہم کرنے کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ آزاد

صفحہ 8 بقیہ نمبر 10

کم از کم 32 ہزار تنخواہ کا اطلاق صحافیوں و میڈیا ورکرز پر ہوگا، مریم اورنگزیب

شہید صحافیوں کیلئے بھی ہیلتھ انشورنس بل میں فنڈز مختص کرینگے، نیشنل پریس کلب کے استقبالیہ سے خطاب

اسلام آباد (نمائندگان جنگ) اطلاعات و نشریات کی وفاقی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کرنے والے شہید صحافیوں کے لیے بھی ہیلتھ انشورنس بل میں فنڈز مختص کریں گے، بجٹ میں

صفحہ 8 بقیہ نمبر 11

سابق رکن پنجاب اسمبلی سعدیہ سہیل کا پی ٹی آئی اور سیاست چھوڑنے کا اعلان

لاہور (جنگ نیوز) پاکستان تحریک انصاف کی سابق رکن پنجاب اسمبلی سعدیہ سہیل رانا نے پارٹی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 12

لاہور ہائیکورٹ، پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی نہ کرنے کیخلاف درخواست پر حکومت پنجاب و دیگر فریقین کو نوٹس جاری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں کمی نہ

صفحہ 8 بقیہ نمبر 13

رجسٹریشن کی عدم تجدید، کراچی میں لاکھوں افغان پناہ گزینوں کی تلاش شروع

فارن ایکٹ کے تحت گرفتاری کیلئے وزارت داخلہ کی متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری

کراچی (پی پی آئی) کراچی میں غیر قانونی طور پر مقیم ان لاکھوں افغان پناہ گزینوں کی تلاش شروع ہے جو جسٹریشن کی تجدید کروانے کے بجائے روپوش ہو گئے ہیں۔ پی پی آئی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم ان افغان مہاجرین کو نادرا اور ایف آئی اے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 14

دبئی میں فراڈ کرنے والے 30 رکنی گروہ کو 96 سال قید کی سزا کا حکم

دبئی (سبط عارف) دبئی کی ایک عدالت نے آٹھ اعشاریہ سات ملین ڈالرز کی منی لانڈرنگ اور

صفحہ 8 بقیہ نمبر 18

ایران کے بیرون ملک منجمد اثاثوں کی مالیت 100 ارب ڈالر سے زائد

یہ واضح نہیں بعض بیرون ملک کھاتوں میں اثاثے کیوں منجمد کیے گئے، محمد رضا فرزین کا کانفرنس سے خطاب

تہران (ایجنسیاں) ایران کے مرکزی بینک کے سربراہ نے کہا ہے کہ ملک کے بیرون ملک منجمد اثاثوں کی مالیت 100 ارب ڈالر سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ ایران کی اسٹوڈنٹ نیوز ایجنسی (آئی ایس این اے) کے مطابق مرکزی بینک (سی بی آئی)

صفحہ 8 بقیہ نمبر 15

ایف آئی اے کے 5 اعلیٰ افسران ایمسٹرڈیم روانہ

کراچی (اسد ابن حسن) ایف آئی اے کے 5 اعلی افسران تین روزہ کانفرنس میں شرکت کے لئے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 19

بلدیاتی ایکٹ میں ترمیم کیخلاف حافظ نعیم کی درخواست، مرتضیٰ وہاب بھی فریق بنیں گے

سماعت کے دوران میرا موقف بھی سنا جائے، مرتضیٰ وہاب فریق بننے کے لئے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بلدیاتی ایکٹ 2013 میں براہ راست میئر کے انتخاب کی قانون سازی کے خلاف حافظ نعیم الرحمن کے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 16

سوئس حکومت پر سائبر حملے

جنیوا (اے ایف پی) سوئٹزرلینڈ کی وزارت

صفحہ 8 بقیہ نمبر 17

افغان طالبان نے سلامتی کونسل کی رپورٹ مسترد کر دی

کابل (آن لائن) افغانستان کے حکمران طالبان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (یو این ایس سی) کی حالیہ رپورٹ کو بے بنیاد اور جانبدار قرار

صفحہ 8 بقیہ نمبر 20

مشکل معاشی صورتحال کے باوجود عوام دوست بجٹ پیش کیا، گورنر پنجاب

اوورسیز پاکستانی قیمتی اثاثہ، خطیر زرمبادلہ کے ذریعے ملکی معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے، سابق ارکین اسمبلی کی ملاقات

لاہور (نمائندہ خصوصی) گورنر پنجاب بلیغ الرحمن سے گورنر ہاؤس لاہور میں سابق ارکین اسمبلی میاں مرغوب احمد، زاہد اکرم، خلیل طاہر سندھو، اوورسیز

صفحہ 8 بقیہ نمبر 5

55 فیصد بجٹ قرضوں کے سود میں جائے گا تو پیچھے کیا بچے گا، شاہد خاقان عباسی

آٹے میں کرپشن سے 20 ارب کھالیے گئے، مزید صوبے نہیں بن سکتے تو اختیارات ہی تقسیم کردیں، حیدرآباد میں خطاب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعظم پاکستان شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک کا 55 فیصد بجٹ قرضوں کے سود کی ادائیگی میں چلا

صفحہ 8 بقیہ نمبر 6

گجرات، 2 نوعمر بہنیں نہر اپر جہلم میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئیں

سیر و تفریح کیلئے گئے 3 بہن بھائی جھگڑا کرتے نہر میں جاگرے، چوتھے نے چھوٹے بھائی کو بچالیا، لاشیں نہ مل سکیں

گجرات (نمائندہ جنگ) گجرات کی تحصیل سرائے عالمگیر میں 2 نوعمر بہنیں نہر اپر جہلم میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئیں۔ کھاریاں کے رہائشی محمد

صفحہ 8 بقیہ نمبر 7

میرانشاہ میں شہید ہونے والے جوانوں کی نماز جنازہ ادا، حاضر و ریٹائرڈ افسران و دیگر کی شرکت

میرانشاہ (صباح نیوز) شمالی وزیرستان کے علاقے میرانشاہ میں شہید ہونے والے جوانوں کی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 25

آسٹریلیا، بس حادثے کا شکار 10 افراد ہلاک، 20 زخمی

سڈنی (صباح نیوز) آسٹریلیا کی ہنٹر ویلی میں بس حادثے میں 10 افراد ہلاک اور 20 سے زائد

صفحہ 8 بقیہ نمبر 26

آزاد کشمیر کی خواتین کی ترقی کے لئے تعاون کریں گے، آسٹریلوی ہائی کمشنر

مظفر آباد (جنگ نیوز) آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز، میری رابرٹسن نے چیئرپرسن ویمن کمیشن

صفحہ 8 بقیہ نمبر 27

لاہور ہائیکورٹ، شاہد پہلوان کی جعلی پولیس مقابلے میں ہلاکت، پولیس افسران کیخلاف درخواست پر فوری رپورٹ درج کرنیکا حکم

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں دیسی کشتی تنظیم کے چیئرمین محمد شاہد پہلوان کی جعلی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 28

جمہوریہ کانگو، حملہ آوروں نے بے گھر افراد کی پناہ گاہیں جلا دیں، 23 بچوں سمیت 41 ہلاک


برازاویلا (جنگ نیوز) عوامی جمہوریہ کانگو میں کوڈیکو جنگجوؤں نے صوبہ اتوری میں آئی ڈی پی کیمپ پر حملہ کر کے آگ لگا دی جس میں 3 2

صفحہ 8 بقیہ نمبر 29

جنگ عظیم اول کے فوجیوں کی باقیات 100 سال بعد دریافت

لوس۔این۔گوہیل (اے ایف پی) 105 سال قبل پہلی جنگ عظیم میں ہلاک ہونے والے تین کینیڈین فوجیوں کی باقیات کو فرانس میں فوجی اعزاز

صفحہ 8 بقیہ نمبر 30



سیاسی منظر نامہ، آئل کے بعد روسی گیس کی درآمد، تعلقات میں بریک تھرو

اتحادی حکومت نے روس سے خام تیل لانے کا وعدہ سچ کردکھایا، مخلصانہ محنت رنگ لارہی ہے



اسلام آباد (طاہر خلیل) توانائی کے شعبے کو نئی توانائی مل گئی، آئل کے بعد روسی گیس بھی پاکستان پہنچ گئی، تجارتی شعبے میں پاک روس تعلقات میں بریک تھرو آرہا ہے، روسی تیل کی پہلی 50 ہزار ٹن کی پہلی کھیپ آنے کے بعد توقع کی جارہی ہے کہ یکم جولائی سے روسی تیل پاکستانی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 21

پارلیمنٹ ڈائری، اپوزیشن لیڈر کی حکومت پر بھی نرم نرم گولہ باری

قائد حزب اختلاف حکومت سے زیادہ اپنے سابق ممدوح کی گوشمالی کررہے تھے



اسلام آباد (محمد صالح ظافر خصوصی تجزیہ نگار) قومی اسمبلی میں نئے سال کے بجٹ پر بحث کی ابتداء ہوگئی ہے قائد حزب اختلاف راجہ ریاض احمد نے اس کا آغاز کیا انہوں نے اپنی گفتگو شروع کی تو ابتدائی جملوں میں ہی تحریک انصاف کے چیئرمین کو نہ صرف سخت سست کہا بلکہ انہیں بے

صفحہ 8 بقیہ نمبر 22

بی جے پی حکومت نے کشمیری عوام کو ہر محاذ پر مایوس کیا، کانگریس

خصوصی حیثیت چھین کر اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں تقسیم کر کے کشمیریوں کی توہین کی گئی، وقار رسول

سرینگر (اے پی پی) مقبوضہ کشمیر میں کانگریس کے صدر وقار رسول وانی نے کہا ہے کہ بھارتیہ جنتا پارٹی نے جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت چھین کر اور اسے مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں تقسیم کر کے کشمیریوں کی توہین کی ہے۔ جنوبی کشمیر میں ڈی ایچ

صفحہ 8 بقیہ نمبر 23

یوکرین کا تین دیہات کو روسی فوج کے قبضے سے آزاد کرانے کا دعویٰ

فرنٹ لائن پر جارحانہ کارروائیوں کی یوکرین کی کوششیں ناکام رہی ہیں، روس

کیف (آئی این پی) یوکرین نے ملک کے جنوب مشرق میں تین دیہاتوں کو روسی فوج کے قبضے سے آزاد کرانے کا دعویٰ کیا ہے، غیر ملکی میڈیا کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں یوکرین کے فوجیوں کو ڈونیٹسک کے علاقے میں بلاہوزنے اور

صفحہ 8 بقیہ نمبر 24

بھارت، اورنگزیب عالمگیر کی تصویر واٹس ایپ پر لگانے والے 3 نوجوانوں پر مقدمہ

مودی سرکار ہندوستان کی اسلامی تاریخ ختم کرنے کے درپے، انتہاپسند ہندو تنظیم کے کارکن کی شکایت پر کارروائی کی

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) مودی سرکار ہندوستان کی اسلامی تاریخ ختم کرنے کے درپے۔ بھارتی ریاست مہاراشٹرا مسلم دشمنی میں حد سے گزر رہی

صفحہ 8 بقیہ نمبر 31

فوجی تنصیبات پر حملوں پر اکسانے کا الزام، 4 افراد کے خلاف مقدمہ درج

کراچی (نیوز ڈیسک) اسلام آباد پولیس نے بیرون ملک مقیم صحافیوں شاہین صہبائی اور وجاہت

صفحہ 8 بقیہ نمبر 32

بھارت نے ایشیا پیسفک میں بین الاقوامی ہوائی کرایوں میں سب سے زیادہ اضافہ دیکھا، اے سی آئی

کراچی (نیوز ڈیسک) ایئرپورٹ کونسل

صفحہ 8 بقیہ نمبر 33

امریکا، گزشتہ سال 68 پاکستانیوں سمیت 72 ہزار باشندے ملک بدر

زیادہ تعداد میں ڈیپورٹ ہونے والے ممالک میں میکسیکو، ایلسلوڈور، گوئٹے مالا، اور ہنڈوراس شامل

نیویارک (پی پی آئی) امریکا نے گزشتہ سال مختلف جرائم میں 150 ممالک کے 72177 غیر ملکی باشندے امریکہ بدر کیے۔ 2022ء میں ایسے ملک بدر کیے جانے والوں میں 68 پاکستانی بھی شامل تھے۔ امریکا سے سب سے زیادہ تعداد

صفحہ 8 بقیہ نمبر 34

ہر بڑی امریکی نیوز آرگنائزیشن کسی خاتون کی زیر قیادت

کراچی (نیوز ڈیسک) ہر بڑی امریکی نیوز آرگنائزیشن کسی خاتون کی زیر قیادت ہے۔ سی این

صفحہ 8 بقیہ نمبر 35

اسکاٹ لینڈ کی سابق رہنما گرفتاری کے بعد بغیر کسی الزام کے رہا

کراچی (نیوز ڈیسک) اسکاٹ لینڈ کی سابق رہنما نکولا اسٹرجن کو پارٹی فنانس کی تحقیقات میں گرفتاری کے بعد بغیر کسی الزام کے رہا کر دیا گیا۔

BUSINESS بزنس

سٹاک مارکیٹ میں مندا، بجٹ اعلانات منفی اثر انداز تھے

بونس حصص پر ٹیکس سمیت صنعت، تجارت، برآمدات کیلئے کوئی مراعات نہ دینا، سرمایہ کاروں اور اداروں کا سیلنگ پریشر بھی وجہ بنے

انڈیکس 121 پوائنٹ کم ہو کر 41783 پر آ گیا، 17 کروڑ 91 لاکھ حصص کا کاروبار ہوا، 184 کمپنیوں کی قیمتیں گر گئیں

لاہور (سوی) نئے کاروباری ہفتے کے آغاز اور پوسٹ بجٹ سیشن کے پہلے دن گزشتہ روز سٹاک مارکیٹ میں دن بھر کے اتار چڑھاؤ کے بعد کاروبار کا اختتام مندے پر ہوا، آخر میں بیشتر کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں کمی تھی جبکہ انڈیکس اور مجموعی مالیت بھی کم ہو گئی۔ مارکیٹ میں کاروبار کا آغاز مندے سے ہوا پھر تیزی بھی آئی اور اس کے بعد شروع ہونے والا مندا آخر تک جاری تھا۔ اس دوران انڈیکس میں 125 پوائنٹ کا اضافہ بھی ہوا اور 189 پوائنٹ کی کمی بھی جبکہ گزشتہ روز بھی کاروباری حجم میں اضافہ نہ ہو سکا۔ سرمایہ کاروں اور اداروں کی زیادہ کوشش سودے کلیئر کرنے کی تھی۔ مارکیٹ میں ابتدائی تیزی کا باعث سیمنٹ سیکٹر میں آنے والی خریداری تھی، جس کی وجہ اس سیکٹر کے لئے بجٹ میں دی جانے والی مراعات تھیں جبکہ دیگر سیکٹروں جن میں فرٹیلائزر، آئل، بینک اور ٹیکسٹائل سیکٹر سرفہرست تھے، زیادہ پریشر میں رہے۔ مجموعی طور پر نیا بجٹ مارکیٹ پر منفی اثر انداز تھا جن میں اہم عنصر بونس شیئرز پر ٹیکس لگانا بھی تھا۔ گزشتہ روز کمپنیوں، میوچل فنڈز، انشورنس کمپنیوں اور آرگنائزیشنز کی نیٹ سیل تھی جبکہ نجی سرمایہ کاروں، بینکوں، بروکروں اور بیرونی فنڈز کی نیٹ خریداری تھی۔ کاروبار کے اختتام پر مارکیٹ انڈیکس 121 پوائنٹ کم ہو کر 41783 پر آ گیا۔ 108 کمپنیوں میں اضافہ، 184 میں کمی اور 22 میں استحکام رہا۔ 17 کروڑ 91 لاکھ حصص کا کاروبار ہوا۔

چارٹر آف اکانومی: تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق چاہتے ہیں: وفاقی چیمبر

کافی تباہی ہو چکی، اب ہمیں قوم و ملک کی تعمیر اور اقتصادی بحالی پر توجہ دینی چاہیے

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) صدر وفاقی چیمبر عرفان اقبال شیخ نے کہا ہے کہ ہم صرف سیاسی استحکام، امن و امان کی بحالی اور اقتصادی پالیسیوں میں مستقل مزاجی کے متمنی ہیں، سیاست ہمارا سبجیکٹ نہیں ہے اور اسے سیاست دانوں پر چھوڑ دینا ہی بہتر ہے۔ تاہم وفاقی چیمبر اگلے 15 سالوں کیلئے چارٹر آف اکانومی پر عمل پیرا ہونے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کا اتفاق چاہتا ہے تاکہ میکرو اکنامک پالیسیوں میں مستقل مزاجی لائی جا سکے اور ان کے موثر نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پہلے ہی کافی تباہی ہو چکی ہے اور اب ہمیں قوم و ملک کی تعمیر اور اقتصادی بحالی پر توجہ دینی چاہیے۔ ملک کے بڑے سیاسی رہنما پہلے ہی چارٹر آف اکانومی کی ضرورت اور ناگزیریت پر متفق ہیں لہذا ہمیں بحیثیت قوم، ہم آہنگی کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کیلئے اپنی اصلاح کی ضرورت ہے تاکہ 9 مئی جیسا واقعہ دوبارہ رونما نہ ہو سکے۔

50 ہزار ایکڑ بنجر اراضی قابل کاشت بنانے کی منظوری

کارپوریٹ فارمنگ کو فروغ دے کر بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں: وزیر صنعت

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) صوبائی وزیر صنعت و تجارت و توانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت ٹاسک فورس برائے زراعت کا تیسرا اجلاس منعقد ہوا جس میں جدید زراعت کے فروغ کیلئے مختلف تجاویز کی منظوری دی گئی۔ گندم اور کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے تصدیق شدہ بیجوں کو فروغ دیا جائیگا، زمین کی زرخیزی بڑھانے کیلئے پنجاب سائل فرٹیلٹی بحالی پروگرام شروع کیا جائیگا، جبکہ چھوٹے کاشتکاروں کو 50 فیصد سبسڈی پر فی ایکڑ 60 جپسم کے تھیلے دیئے جائیں گے، اجلاس میں پنجاب میں 50 ہزار ایکڑ بنجر اراضی کو قابل کاشت بنانے کے پلان کی بھی منظوری دی گئی، وزیر صنعت نے کہا کہ کارپوریٹ فارمنگ کو فروغ دے کر بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ تھل کی آبادکاری کیلئے منکیرہ، چوبارہ اور نورپور تھل کی تحصیلوں میں پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جائیگا، تحصیل کی سطح پر سائل اینڈ واٹر ٹیسٹنگ لیبارٹریز بنائی جائیں گی۔

میٹرو نے انڈس ہسپتال میں شجرکاری سے عالمی یوم ماحولیات منایا

لاہور (جنگ نیوز) میٹرو نے اپنے "کلین اینڈ گرین پاکستان" وژن کے تحت عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے تعاون سے جوہر ٹاؤن لاہور میں 600 بستروں پر مشتمل نو تعمیر شدہ انڈس ہسپتال میں شجرکاری کی مہم کا آغاز کیا۔ اس تقریب میں دونوں اداروں کی سینئر انتظامیہ نے شرکت کی اور 200 سے زائد درخت لگائے۔

بجٹ کے اعداد و شمار زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتے: انکم ٹیکس بار

درآمدات پر پابندی سے ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے: ممبر چیمبر

غیر ملکی قرضوں سے معاشی بہتری کیلئے کوئی کام نہیں ہوا: لاہور ٹیکس بار

یہ بجٹ معاشی مسائل حل کرنے والا ہے نہ ہی اس سے نئی سرمایہ کاری آئیگی

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے غیر ملکی قرضوں سے معیشت یا انفراسٹرکچر کی بہتری کیلئے کوئی کام نہیں ہوا، حکومت کی آمدن نہیں بڑھ رہی جبکہ اس کے مقابلے میں مقامی اور غیر ملکی قرضے اور ان کا سود بڑھ رہا ہے، آئندہ مالی سال کا خسارے کا بجٹ پیش کیا گیا، بہت سے شعبے ایسے ہیں جنہیں بلا تفریق ٹیکس نیٹ میں لایا جانا چاہیے۔ ٹیکس بار کے صدر زاہد پرویز، رانا کاشف ولایت، اعجاز بھٹی، عامر رحمان، چودھری اصغر جالندھری نے کہا کہ یہ بتا دیں عوام کو ریلیف کس مد میں دیا گیا ہے۔ لوگوں کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑے ہیں انہیں بڑے شعبوں کیلئے ریلیف سے کوئی سروکار ہے۔ یہ بجٹ معاشی مسائل حل کرنے والا ہے نہ ہی اس سے نئی سرمایہ کاری آئیگی جس سے معیشت میں تحرک پیدا ہو سکے۔ بجٹ میں انڈسٹریلائزیشن کے لیے کوئی پروگرام ہے اور نہ ہی یہ زراعت کو تقویت دیگا۔

نئے مالی سال کیلئے آئی ٹی برآمدات کا ہدف 15 ارب ڈالر مقرر

آئی ٹی سیکٹر میں بے پناہ پوٹینشل ہے، کثیر زرمبادلہ پاکستان آ سکتا ہے: سوفٹ ویئر ہاؤسز

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) نئے مالی سال کیلئے آئی ٹی برآمدات کا ہدف 15 ارب ڈالر مقرر کیا گیا ہے، بجٹ میں آئی ٹی سیکٹر کو وسیع مراعات و سہولیات دی گئی ہیں جبکہ پاکستان سوفٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد زوہیب خان نے کہا ہے کہ آئی ٹی سیکٹر میں بے پناہ پوٹینشل ہے، رکاوٹیں نہ ڈالی جائیں تو کثیر زرمبادلہ پاکستان آ سکتا ہے۔ نئے مالی سال کے مجوزہ بجٹ میں آئی ٹی سیکٹر کو ایس ایم ای کا درجہ دیا گیا فری لانسرز کو ماہانہ گوشوارے جمع کرانے سے مستثنیٰ قرار دیا گیا۔ آئی ٹی ایکسپورٹرز برآمدات کے ایک فیصد کے برابر سافٹ ویئرز اور ہارڈ ویئرز بغیر ٹیکس درآمد کر سکیں گے۔ شعبے کی مانیٹرنگ کیلئے 5 ارب روپے کا وینچر کیپٹل فنڈ رکھا گیا ہے، 50 ہزار آئی ٹی پروفیشنلز کو ٹریننگ دی جائیگی۔ حکومت آئی ٹی سیکٹر کی برآمدات میں اضافہ کیلئے اس شعبے سے قریبی روابط رکھے اور با اختیار فوکل پرسن مقرر کیا جانا چاہیے۔

سیالکوٹ کی مصنوعات کی شام میں کھپت پر خصوصی توجہ دی جائے: پاکستانی سفیر

سیالکوٹ (نمائندہ جنگ) شام میں پاکستانی سفیر شاہد اختر نے سیالکوٹ چیمبر کے سینئر نائب صدر وہیب جہانگیر اور نائب صدر عامر مجید شیخ سے ملاقات میں کہا کہ دونوں ممالک کا موجودہ تجارتی حجم موجود تجارتی مواقع کی عکاسی نہیں کرتا سیالکوٹ کی تیار کردہ مصنوعات کی شام میں کھپت پر خصوصی توجہ دی جائے۔

مزدور قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے: خورشید احمد

جاگیرداروں و سرمایہ داروں کی طرح محنت کشوں کو پالیسی ساز اداروں میں نمائندگی دی جائے

سیالکوٹ میں سرجیکل سٹی قائم کرنے کا فیصلہ

سیالکوٹ (اے پی پی) سیالکوٹ سرجیکل انسٹرومنٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین جہانگیر باجوہ نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے سیالکوٹ مقرری زون کی طرح سرجیکل سٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سیالکوٹ سالانہ 3 بلین ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ کما رہا ہے اور ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔

200 مرغیوں کے یونٹس تقسیم

لاہور (خصوصی رپورٹر) حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایت پر ضلعی محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے دیہی اور شہری علاقوں کے مرد اور خواتین میں 200 مرغیوں کے یونٹس تقسیم کئے گئے۔ ایک یونٹ میں 5 مرغیاں جبکہ ایک مرغا شامل ہے، 1180 روپے کی رعایتی قیمت پر عوام کو فراہم کیا جا رہا ہے۔

کسان کھاد مہنگے داموں خریدنے پر مجبور

وہاڑی (نمائندہ جنگ) محکمہ زراعت کی سرپرستی میں شہر اور دیہی علاقوں میں یوریا کھاد مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہے، تمام چھوٹے بڑے اڈوں پر کاشتکار کھاد 3400 روپے تک خریدنے پر مجبور ہیں اور وہاڑی شہر میں بھی کھاد 3100 سے 3400 روپے تک فروخت کی جا رہی ہے، سرکاری ریٹ پر اگر کوئی کسان کھاد مانگے تو انکار کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

درجنوں نادہندگان کی گاڑیاں بند، 30 کروڑ روپے کی وصولی

محکمہ ایکسائز نے پوش علاقوں میں ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے باہر ناکے لگا کر گرینڈ آپریشن کیا

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ ایکسائز کی موٹر رجسٹریشن اتھارٹی نے لاہور کے مختلف پوش علاقوں میں قائم ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے باہر ہیلی بارنا کے لگا کر گاڑیوں کے ٹوکن ٹیکس نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے درجنوں نادہندگان کی گاڑیوں کو سڑک کنارے بند کر دیا پکڑے جانے والے نادہندگان کروڑوں روپے کی گاڑیوں کے مالک ہیں مگر چند ہزار ٹوکن ٹیکس ادا نہیں کر رہے تھے۔ ڈائریکٹر موٹر رجسٹریشن اتھارٹی ریجن سی محمد آصف نے کینال روڈ پر واقع تمام ہاؤسنگ سوسائٹی اور ڈی ایچ اے سمیت دیگر پوش علاقوں میں ہاؤسنگ سوسائٹی میں خصوصی ناکے لگائے اور ٹوکن ٹیکس نادہندگان سے 30 کروڑ روپے سے زائد کی رقم وصول کی۔ ناکے لگانے پر لوگوں نے ایکسائز اہلکاروں سے تو تکرار بھی کی مگر ٹوکن ٹیکس ادا کرنے پر ہی گاڑیوں کو آزاد کیا گیا، ایسی گاڑیاں بھی پکڑی گئی جو رجسٹرڈ نہیں کرائی گئی تھیں۔

یوفون 4G نے عازمین حج کیلئے ڈیٹا رومنگ تک رسائی فراہم کر دی

لاہور (جنگ نیوز) یوفون 4G نے حج کا فریضہ انجام دینے کے لیے سعودی عرب جانے والے پری پیڈ صارفین کیلئے کم قیمت ڈیٹا رومنگ آفر متعارف کرا دی ہے۔ اس خصوصی بنڈل سے صارفین کو وائس ایپ کالز تک بھی بلا رکاوٹ رسائی حاصل ہوگی تاکہ وہ باآسانی اپنے اہل خانہ اور دوستوں سے رابطے میں رہ سکیں۔ بنڈل کی معیاد 40 دن تک ہے۔

HVACR نمائش و کانفرنس کا کامیاب انعقاد

کراچی (جنگ نیوز) 28ویں پاکستان HVACR بین الاقوامی نمائش و کانفرنس 2023 کا کامیاب انعقاد مکمل ہو گیا۔ نمائش و کانفرنس کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری رہی۔ اس نمائش میں مقامی و بین الاقوامی HVACR شعبہ میں جدید ترین ٹیکنالوجی و پیشرفت کا بھرپور سیلاب کیا گیا۔

لیسکو نے صارفین سے واجبات کی وصولی کی مہم تیز کر دی

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) لیسکو نے ریجن بھر میں نادہندگان سے واجبات کی وصولی کی مہم تیز کر دی۔ چیف ایگزیکٹو کا کہنا ہے کہ بجلی نادہندگان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کیلئے ضلعی انتظامیہ سے بھی مدد طلب کر لی گئی ہے۔ لیسکو نے نادہندگان کی فہرستیں تحصیلدار ریکوری اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کی جا رہی ہیں۔

اقتصادی سرگرمیوں سے ہی ملکی معیشت ترقی کرے گی: زمان نصیب

لاہور (خصوصی رپورٹر) صدر انجمن تاجران مارکیٹ ملک زمان نصیب نے کہا ہے تاجر دوست بجٹ پیش کرنے پر وزیر اعظم اور وفاقی وزیر خزانہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اقتصادی سرگرمیوں سے ہی ملکی معیشت ترقی کرے گی۔ معاشی اور کاروباری مسائل کے گردش زدہ حالات سابق حکومت کی ناتجربہ کاری کے مرہون منت ہے۔

برائلر گوشت 8 روپے کلو مہنگا

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) برائلر گوشت کی 8 روپے اضافہ سے 641 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافہ سے 427 روپے کلو ہو گئی۔ انڈوں کی قیمت 240 روپے درجن پر مستحکم رہی۔

TENDER NOTICE

Notice # 62(23-24)

FOR HIRING OF INSURANCE COMPANY FOR PROVISION OF GROUP HEALTH INSURANCE FOR NTS PAKISTAN

NTS Pakistan invites single stage one envelope sealed bids from reputed insurance companies for the provision of Group health insurance for employees of NTS Pakistan.

Tender/bid Document can be obtained from address below, bids/tenders shall be submitted by June 27, 2023 at 11:00 am will be opened on the same date. **DETAILS ON NTS WEBSITES**

Senior Manager Admin
National Testing Service-Pakistan
NTS, Plot # 96, Street # 4, Sector H-8/1, Islamabad
Email: procurement@nts.org.pk, Tel: 051-8489057
website: www.nts.org.pk

اطلاع عام

المشتہر: مطیع اللہ خان ڈسٹرکٹ پولیس افسر میانوالی



اطلاع عام

ذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پلاٹ نمبر 163 بلاک D کمرشل نمبر 501 تعدادی 10 مرلہ کے مالک چوہدری محمد اشرف ... شناختی کارڈ نمبر 34301-7022497-9 ... مرزا شناختی کارڈ نمبر 35202-2587205-9 کے نام ٹرانسفر کر رہے ہیں اس ضمن میں کسی ادارہ بینک، اتھارٹی یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر میعاد 07 یوم سوسائٹی ہذا سے رابطہ کر سکتا ہے۔ بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قبول نہ ہوگا۔

المشتہر: صدر پی آئی اے ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور
فون: 042-35181198

PUBLIC NOTICE

TRANSFER OF LEASE HOLD RIGHTS "BY WAY OF INHERITANCE" IN RESPECT OF PLOT NO. 247, MEASURING 800 SQ YARDS, DEFENCE OFFICERS HOUSING SCHEME, OKARA CANTT.

Be it known to all concerned that following claim as legal heirs of deceased Mr. Manzoor Ahmad Rafiqui (died on 11-10-2006) S/o Masood Ahmad Rafiqui vide Affidavit dated 25-02-2023 duly attested by the Oath Commissioner Okara, Court Decree dated 23-09-2022 and Amended Order dated 15-10-2022 passed by Amber Gul Khan, Civil Judge Class-1, Okara, submitted by the following legal heirs of the deceased, who was the lessee of Plot No. 247, Defence Officers Housing Scheme, Okara Cantt:-

i. Mr. Mansoor Ahmed Rafiqui S/o Masood Ahmed Rafiqui
ii. Mst. Saleem Akhtar Haqqui W/o Haqqui A Haq
iii. Mr. Misbah Ul Hassan Ansari S/o Najmul Hassan Ansari
iv. Mr. Faisal Ahmed S/o Rasheed Ahmed
v. Mr. Salman Abbas S/o Muhammad Abbas
vi. Mst. Shameem Rabiya Tariq W/o Abdul Rauf Tariq
vii. Mrs. Sarah Ansari W/o Waseem Malik
viii. Mrs. Faiza Waqar W/o Waqar
ix. Mrs. Shumaila Sohail W/o Sohail Irshad

Brother, Sister, Nephews and Nieces of late Manzoor Ahmad Rafiqui

Anyone having objection regarding transfer of the said property by way of inheritance may submit objections to the undersigned within 15 days from the publication of this notice failing which mutation will be made in favour of above named legal heirs.

Military Estate Officer Multan Circle

بعدالت جناب محمد ریاض خرم صاحب سول جج فیملی کورٹ جھنگ دعویٰ دلاپانے ڈگری تنسیخ نکاح بربنائے خلع: بعنوان: ... بنام ملک ... حسین ولد ملک محمد حسین ... سکنہ گلشن ٹاؤن مکان نمبر 36 کراچی ... بتاریخ 15.06.2023

SUI SOUTHERN GAS COMPANY LIMITED
APPRENTICESHIP TRAINING 2023

CORRIGENDUM

This is with reference to the advertisement published in Dawn and Jang Newspaper on May 28, 2023 regarding SSGC Apprenticeship Training 2023.

Training Period, Minimum Qualification and Age Limit for Apprenticeship Program 2023 shall be as follow:

Apprenticeship Training Program

Training Period	Minimum Qualification	Age Limite
01 Year	DAE/ B.Tech	30 Years

Also, following trades have been added:

i) Civil / Construction
ii) Computer / Hardware / Information Technology.

Interested candidates fulfilling the above requirements may send their applications by courier at the below provided address before June 26, 2023 along **with documents mentioned below**:

i) Application
ii) 02 recent passport size photograph
iii) Copy of Matric and DAE/ B. Tech. Certificate
iv) Copy of CNIC / Form B (where applicable)

Other specifications / contents of the advertisement shall remain unchanged. Please note, the submission date has been extended to June 26, 2023

Kindly send your application through courier at following address:
Dy. General Manager (IR)
Sui Southern Gas Company Limited, SSGC House, ST-4/B, Block 14, Sir Shah Suleman Road, Gulshan-e-Iqbal, Karachi - 75300

PID(K)3562/2022 www.ssgc.com.pk

شیخ محمد یاسر ظہور (ایڈووکیٹ)
آفس A-12 خرم شاپنگ سنٹر وحدت روڈ لاہور
0300-8487799-0321-8486179

گمشدگی کاغذات بابت مکان نمبر 15 بلاک-Q ازمیر سوسائٹی لاہور

پاکستان ایکسپریس کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ لاہور کا جاری کردہ ٹرانسفر لیٹر، پوزیشن لیٹر اور ڈیمارکیشن پلان بابت مکان نمبر-15، بلاک-Q تعدادی رقبہ ایک کنال واقع PECHS ازمیر لمیٹڈ لاہور بنام چوہدری جہانگیر عباس ولد چوہدری رحمت علی شناختی کارڈ نمبر 34603-9013844-3 سکنہ مکان نمبر 15-Q ازمیر سوسائٹی لاہور سے کہیں گم ہو گئے ہیں۔ لہذا درج بالا کاغذات جس کسی کو ملیں وہ درج ذیل پتہ پر ارسال کر دے۔ بصورت دیگر 7 یوم کے بعد سوسائٹی کی طرف سے ڈوپلیکیٹ ٹرانسفر لیٹر، پوزیشن لیٹر اور ڈیمارکیشن پلان جاری کر دیے جائیں گے اور سوسائٹی مزید کارروائی کی مجاز ہوگی۔ بعد ازاں کوئی اعتراض / عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کسی بھی لحاظ سے نقصان کی صورت میں سوسائٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

جنرل مینجر: پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس ازمیر لمیٹڈ لاہور فلیٹ نمبر 1 بلاک-A ازمیر سوسائٹی آفس ازمیر ٹاؤن لاہور
فون نمبر: 042-35961720 ای میل: pechsizmir@hotmail.com

اطلاع عام

موکلم نے پلاٹ نمبر 86 راوی بلاک رقبہ تعدادی 4K-8M-23SFT و پلاٹ نمبر 87 راوی بلاک رقبہ تعدادی 4K-7M-175SFT بروئے ٹرانسفر لیٹر نمبران BLD/86-RAVI/AL/18/22 مورخہ 01-08-2022، BLD/87-RAVI/AL/18/22 مورخہ 01-08-2022، واقع گرین فورٹس 2 فارم ہاؤسنگ سکیم 5 کلومیٹر ٹھوکر نیاز بیگ موضع کانجرہ، لاہور کا سودا بیع ہمراہ مالکان پلاٹس مذکورہ بالا مسیان ذیشان قیوم ولد عبدالقیوم و میسرز CM انجینئرنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ بذریعہ ڈائریکٹرز ذیشان قیوم، وقاص قیوم پسران عبدالقیوم قوم کمبوہ ساکنان 121 فیروزپور روڈ لاہور طے کر کے اقرار نامہ معاہدہ بیع تحریر کیا ہے۔ اگر کسی شخص، اشخاص، بینک، ادارے، محکمہ وغیرہ کو کوئی عذر / اعتراض ہو تو معہ تحریری ثبوت زیر دستخطی سے اندر معیاد 7 یوم رابطہ کریں ورنہ کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔ الرقوم

المشتہر: بذریعہ محمد خالد بھٹی ایڈووکیٹ کمرہ نمبر 23 ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور 0300-8416058

از دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیصل آباد

نیلام عام سرکاری گاڑیاں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس فیصل آباد کے احاطہ میں موجود درج ذیل سوزوکی کلٹس ماڈل 2016، بر رنگ سفید گاڑیوں کی "جیسے ہے جہاں ہے" کی بنیاد پر نیلامی مورخہ 06-07-2023 کو ہوگی۔ خواہشمند حضرات / پارٹیاں مورخہ 15-06-2023 سے روزانہ صبح 8:00 بجے سے دوپہر 3:30 بجے تک بروز سوموار تا جمعرات و ہفتہ اور بروز جمعۃ المبارک صبح 8:30 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک گاڑیوں کا معائنہ کر سکتے ہیں۔

Sr. No.	Registration	Reserve Price	Sr. No.	Registration	Reserve Price
1	FDG-16-112	1,105,000	18	FDG-16-129	1,135,000
2	FDG-16-113	1,105,000	19	FDG-16-130	1,115,000
3	FDG-16-114	1,115,000	20	FDG-16-131	1,145,000
4	FDG-16-115	1,115,000	21	FDG-16-132	1,125,000
5	FDG-16-116	1,120,000	22	FDG-16-133	1,135,000
6	FDG-16-117	1,120,000	23	FDG-16-134	1,113,000
7	FDG-16-118	1,105,000	24	FDG-16-135	1,125,000
8	FDG-16-119	1,110,000	25	FDG-16-136	1,140,000
9	FDG-16-120	1,105,000	26	FDG-16-137	1,135,000
10	FDG-16-121	1,125,000	27	FDG-16-138	1,125,000
11	FDG-16-122	1,130,000	28	FDG-16-139	1,125,000
12	FDG-16-123	1,140,000	29	FDG-16-140	1,140,000
13	FDG-16-124	1,105,000	30	FDG-16-141	1,135,000
14	FDG-16-125	1,125,000	31	FDG-16-142	1,145,000
15	FDG-16-126	1,135,000	32	FDG-16-143	1,135,000
16	FDG-16-127	1,115,000	33	FDG-16-144	1,125,000
17	FDG-16-128	1,125,000	34	FDG-16-145	1,135,000

اگر نیلامی مکمل / کامیاب نہ ہوئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 08-07-2023 اور مورخہ 10-07-2023 کو ہوگی۔

شرائط حسب ذیل ہے۔

(1) گاڑیوں کا ٹوکن ٹیکس لائف ٹائم ادا شدہ ہے۔
(2) نیلامی خواہشمند حضرات کی موجودگی میں بذریعہ کھلی بولی (Open Auction) صبح 11:00 بجے ہوگی۔
(3) ہر بولی دہندہ کیلئے لازمی ہوگا کہ وہ بولی کی تاریخ سے ایک دن پیشتر اپنے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ فی گاڑی مبلغ ایک لاکھ روپے (1,00,000) کا سی ڈی آر (CDR) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیصل آباد کے نام بطور زرضمانت جمع کروائے گا۔ جو کہ ناکام بولی دہندہ کو بعد از نیلامی قابل واپسی ہوگا۔
(4) کامیاب بولی دہندہ فی گاڑی مبلغ 600000 روپے (چھ لاکھ) سی ڈی آر (CDR) کی شکل میں بوقت نیلامی موقع پر ادا کرے گا نیز کیش زرضمانت کسی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔ باقی ماندہ رقم اندر تین یوم جمع کروانا ہوگی۔ بصورت دیگر نیلامی منسوخ تصور ہوگی اور زرضمانت ضبط ہوگا۔

شیخ خالد بشیر چیئرمین ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیصل آباد

روزنامہ جنگ
بانی: میر خلیل الرحمٰن
منگل 23 / ذیقعد 1444ھ 13 / جون 2023ء

فرمان الٰہی۔ سورۂ نحل

تو (لوگو) اللہ کے بارے میں (غلط) مثالیں نہ بناؤ (صحیح مثالوں کا طریقہ) اللہ ہی جانتا ہے اور تم نہیں جانتےO اللہ ایک اور مثال بیان فرماتا ہے کہ ایک غلام ہے جو (بالکل) دُوسرے کے اختیار میں ہے اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور ایک ایسا شخص ہے جس کو ہم نے اپنے ہاں سے (بہت سا) مال طیب عطا فرمایا ہے اور وہ اس میں سے (رات دن) پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا رہتا ہے تو کیا یہ دونوں شخص برابر ہیں؟ (ہرگز نہیں) الحمدللہ لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں سمجھ رکھتےO (ترجمہ آیت 74-75)

مشکل وقت گزر گیا!

سیاسی، معاشی اور دہشت گردی کے بحرانوں میں گھری ہوئی قوم کیلئے یہ امید کا پیغام ہے کہ 45 ہزار میٹرک ٹن سستا روسی خام تیل لے کر پہلا جہاز کراچی پہنچ گیا ہے اور مزید 50 ہزار میٹرک ٹن کی کھیپ آئندہ ہفتے پہنچ جائے گی۔ سستے، موخر ادائیگی اور پرکشش ڈسکاؤنٹ کے ساتھ ملنے والے اس تیل سے توانائی کے اخراجات کی بچت کے علاوہ زرمبادلہ کے ذخائر مستحکم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بجا کہا ہے کہ اس پیش رفت کے ساتھ انہوں نے قوم سے کیا ہوا ایک اور وعدہ پورا کر دیا ہے۔ یہ تبدیلی کا دن ہے کیونکہ ملک اقتصادی ترقی، سستی توانائی اور انرجی سکیورٹی کی طرف ایک قدم اور آگے بڑھ رہا ہے۔ اس سے پاکستان اور روس کے تعلقات کا نیا دور بھی شروع ہوگا۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوگی اور مہنگائی پر قابو پانے کی راہ ہموار ہوگی۔ وزیراعظم نے غیرملکی میڈیا سے انٹرویو، لاہور میں سپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب اور پارٹی رہنماؤں سے گفتگو میں بھی ملک کو درپیش بحرانوں کے حوالے سے یہ امید افزا پیغام دیا ہے کہ مشکل وقت گزر گیا۔ گھبرانے کی ضرورت نہیں، بڑے چیلنجز کے باوجود وفاقی بجٹ میں حکومت نے عوام کو جتنا ممکن ہو سکا ریلیف دیا ہے اور مزید دے گی۔ آئی ایم ایف کی تمام شرائط پوری کر دی ہیں اس لئے امید ہے کہ قرضے کی اگلی قسط کے اجرا کیلئے معاہدہ اسی مہینے ہو جائے گا لیکن تاخیر ہوئی تو نئی حکمت عملی بنا کر قوم کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جمہوریت کی مضبوطی کیلئے انتخابات ضروری ہیں۔ الیکشن کمیشن تاریخ کا اعلان کرے۔ ہم اس کی پابندی کریں گے۔ 9 مئی کے دلخراش واقعات کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ شرپسندوں کو ایسی سزا ملے گی کہ آئندہ کوئی ایسی جرات نہیں کر سکے گا۔ غیرملکی میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دیئے بغیر اس خطے میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ اقوام متحدہ شمالی آئرلینڈ، سوڈان، انڈونیشیا اور بلقان کے مسائل حل کر سکتی ہے تو کشمیر کا مسئلہ بھی حل کرنا چاہئے۔ روسی تیل کی خریداری کے علاوہ ملک کے اقتصادی مسائل حل کرنے کیلئے موجودہ حکومت پوری سنجیدگی اور صبر و تحمل کے ساتھ جو اقدامات کر رہی ہے اس کی کئی بین الاقوامی تحقیقی اداروں نے بھی تعریف کی ہے۔ روپے کی قدر مسلسل گرنے سے مہنگائی کا جو طوفان آیا تھا اگرچہ اس پر قابو نہیں پایا جا سکا مگر وفاقی بجٹ میں جن مراعات اور ترغیبات کا اعلان کیا گیا ہے ان کے نتیجے میں تاخیر سے ہی سہی، اشیائے ضرورت تک عام آدمی کی رسائی بڑی حد تک ممکن ہو جائے گی اور اخراجات میں بچت سے معاشی ابتری دور کرنے میں مدد ملے گی۔ ایسے ہی اقدامات کے مدنظر وزیراعظم نے قوم کو نوید دی ہے کہ مشکل وقت گزر گیا۔ اس حوالے سے سستے روسی تیل کی آمد پاک روس تعلقات میں ایک بڑی پیش رفت ہے۔ اس سے مغرب اور مشرق دونوں سمت پاکستان کے بیرونی تعلقات میں توازن پیدا ہوگا۔ عرب ممالک اور سنٹرل ایشیا کے ملکوں سے پہلے ہی باہمی تعاون بڑھایا جا رہا ہے۔ بعض ملکوں سے ڈالر کی بجائے مقامی کرنسی میں لین دین اور بارٹر ٹریڈ کے معاہدے اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ برآمدی صنعتوں کو مراعات دینے اور درآمدات میں کمی سے ادائیگیوں کا توازن درست ہو سکتا ہے۔ اس سے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ کم ہوگا۔ اوورسیز پاکستانیوں کو ترسیلات زر کیلئے جو ترغیبات دی گئی ہیں ان کے نتائج بھی مثبت ہوں گے۔ انتخابات وقت پر ہو جاتے ہیں تو سیاسی استحکام کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے اس لئے وزیراعظم کی یہ توقع بے جا نہیں کہ مشکلات بتدریج ختم ہو جائیں گی اور ملک ایک بار پھر ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔

ڈالر ایمنسٹی اسکیم کی تجویز

ڈالر کے بحران پر قابو پانے کیلئے فارن ایکسچینج کمپنیوں کی انجمن کی جانب سے حکومت کو ڈالر ایمنسٹی اسکیم لانے کی تجویز اس یقین دہانی کے ساتھ دی گئی ہے اس کے نتیجے میں ڈالر کی قلت بہت کم وقت میں دور ہو جائے گی۔ صدر فارن ایکسچینج کمپنی علاء الدین شیخ کے مطابق کہ ایکسچینج کمپنیوں کے ذریعے کریڈٹ کارڈ سے ادائیگیاں کی جائیں، سیر و تفریح پر جانے والوں کو انٹربینک سے سستا ڈالر نہ دیا جائے، ڈالر ایمنسٹی لائیں، اس سے 5 سے 10 ارب ڈالر فوری طور پر مارکیٹ میں آ سکتے ہیں۔ ایسوسی ایشن نے وزیر خزانہ کو اس تجویز پر بات چیت کے لیے مل بیٹھنے کا مشورہ دیا ہے۔ بین الاقوامی تجارت بالعموم امریکی ڈالر ہی میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے دنیا کے بیشتر ممالک اپنے زرمبادلہ کے ذخائر کا بڑا حصہ ڈالر ہی کی شکل میں رکھتے ہیں۔ مستحکم معیشتوں میں برآمداتی آمدنی درآمدات پر خرچ ہونے والی رقم سے زیادہ ہوتی ہے چنانچہ انہیں ڈالر کے بحران کا سامنا نہیں کرنا پڑتا لیکن منفی توازن ادائیگی سے دوچار ملکوں کو زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے انکے سکے کی قدر بھی کم ہوتی جاتی ہے اور ناگزیر درآمدات کے لیے بھی ان کے پاس زرمبادلہ نہیں ہوتا لہٰذا انہیں قرض لیکر اپنی ضروریات پوری کرنی پڑتی ہیں جبکہ غیریقینی معاشی حالات کی وجہ سے بیرونی قرضوں کا حصول بھی ان کیلئے آسان نہیں رہ جاتا۔ پاکستان آج بوجوہ اسی صورت حال سے دوچار ہے۔ اس دلدل سے نکلنے میں عام طور پر بین الاقوامی مالیاتی فنڈ سے بہت کم شرح سود پر ملنے والے قرضے مددگار ثابت ہوتے ہیں مگر پاکستان کی جانب سے سخت ترین شرائط کی تکمیل کے باوجود آئی ایم ایف کی جانب سے ایک ارب بیس کروڑ ڈالر کی قسط کے اجراء کا معاملہ پچھلے پانچ ماہ سے تعطل کا شکار ہے۔ ان حالات میں متبادل راستوں کی تلاش ضروری ہے لہٰذا حکومت کو فارن ایکسچینج ایسوسی ایشن کی ڈالر ایمنسٹی اسکیم کی تجویز پر ضرور غور کرنا چاہئے۔

توانائی بچت پلان

وفاقی حکومت نے توانائی بچت منصوبے کو حتمی شکل دی ہے جس سے درمیانے اور طویل مدتی پروگرام کے تحت 2030ء تک سالانہ ایک ارب ڈالر کی بچت ہوگی۔ منصوبے کے مطابق تمام کاروباری مراکز اور دکانیں یکم جولائی 2023ء سے رات آٹھ بجے بند ہوں گی، پرانے اور ماحول کو چکاچوند کر دینے والے بلبوں پر پابندی عائد کر کے انرجی سیور کو فروغ دیا جائے گا۔ یہ ایک ایسا پلان ہے جس پر اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ عمل کرانے کی کوششیں کی گئیں لیکن تاحال اس میں حکومت کو کامیابی نہ مل سکی۔ قیام پاکستان کی ابتدائی دہائیوں میں کاروباری مراکز اور دکانیں رات کے اول ہی وقت بند ہوتی رہی ہیں اور اس وقت بھی کئی ترقی یافتہ ملکوں میں بڑی حد تک ایسا ہی ہوتا ہے تاہم موجودہ حالات میں کاروباری اور تجارتی طبقہ اس کیلئے تیار نہیں۔ تجارتی تنظیموں کا موقف ہے کہ صارفین کے رویے بدل چکے ہیں اور وہ شدید گرمی کی وجہ سے رات آٹھ تا گیارہ بجے خریداری کرتے ہیں۔ انکا کہنا ہے کہ وہ بجلی کے حصول میں حکومت کو بھاری بل ادا کرتے ہیں اور توانائی بچانے کیلئے معاشی پہیہ روکنے کی بجائے مفت میں چلنے والے سرکاری ایئر کنڈیشنر بند کئے جائیں۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ حکومت مراعات یافتہ طبقے کو سال بھر میں بجلی کے لاکھوں یونٹ مفت مہیا کرتی ہے۔ اکثر مقامات پر ایئر کنڈیشنروں اور دوسرے برقی آلات کا بلاضرورت اور بے دریغ استعمال دیکھنے کو ملتا ہے جبکہ اسی قدر بجلی کی چوری اور لائن لاسز کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان دونوں معروضات کے بعد تیسرا راستہ یہ ہے کہ حکومت تیل و گیس پر بجلی کا انحصار ختم نہیں تو بڑی حد تک کم کرنے کیلئے متبادل ذرائع استعمال میں لائے جیسا کہ وفاقی بجٹ میں سولر بجلی پیدا کرنے والے آلات میں بعض ٹیکسوں کی چھوٹ دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں تکنیکی تعاون صارفین کی حوصلہ افزائی کا باعث بنے گا۔

اداریہ پر ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں 00923004647998

میئر کراچی کا انتخابی معرکہ

آئین نو
☆☆☆
ڈاکٹر مجاہد منصوری



mujahid.mansoori@janggroup.com.pk

پاکستان کی بڑھتی بس چلتی مایوس اور مبتلائے عتاب وعذاب نئی نسل پر ہماری 75 سالہ سیاسی تاریخ کی یہ حقیقت تو اب مکمل بے نقاب ہے کہ: آئین پاکستان کا اطلاق فقط جیسے تیسے الیکشن سے تبدیلی و تشکیل حکومت تک محدود رہا ہے۔ جمہوریت کا یہ لبادہ بھی مملکت کو جمہوری ہونا تو کیا منواتا اس سے متصادم ادھوری سی قوم اور دنیا بھر میں ہم مارشل لاؤں کی بے آئین سرزمین، مسلسل عدم استحکام میں مبتلا جھگڑالو اور غیرمنظم ریاست اور قوم سمجھے گئے۔ اپنی تاریخ کے سیاسی ریکارڈ حقائق و ابلاغ میں بھی اور دنیا کی نظر میں بھی۔ کج بحثی اور جھوٹے جواز کی آڑ لینا الگ اور یکسر منفی رویہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ یہ ہی سچ ہے پہاڑ جیسی اٹل حقیقت آئینی و سیاسی جھگڑے میں پاکستان کا فقط 24 سال میں ہی دولخت ہو جانا اور ملکی موجودہ گمبھیر صورتحال ہے جس کے بڑے فیصد کی تشکیل گزرے تیرہ ماہ میں ایسے ہی سیاسی فساد اور آئین سے بدترین سلوک سے ہوئی۔

پاکستان کا قیام تو بلاشبہ، متعصب ہندو اکثریت اور فرنگی راج میں رہتے، بدلے زمانے کی حقیقتوں کے ساتھ اکابرین مسلمانان ہند کا جدید دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال دینے والا کارنامہ تھا ہی سرسید، اقبال و قائد کی دور بینی علمی و عملی جدوجہد اور رہنمائی اور تاریخ پاکستان کے سنہری ابواب ہیں۔ قائد اعظم کو اگر حاصل منزل کے بعد نومولود مملکت کو سنبھالنے اور ارادوں اور تصورات کے مطابق بنانے کی مہلت نہ ملی تو اس کا راستہ تو وہ تین الفاظ اتحاد، ایمان، تنظیم کے کمال روڈ میپ کے ساتھ پھر بھی دکھا گئے۔ اگلی تاریخ (ایٹ لارج) اس سے مختلف سمت میں چلنے کی ہے۔ یہ ہے موجود بدترین ملکی سیاسی و آئینی و انتظامی بحران، جس میں ایک بہت مہلک قومی اخلاقی بحران کے جنم کا اضافہ ہوا ہے، کا پس منظر ایسا نہیں کہ قائد کی رخصتی کے بعد قوم مکمل ہی گمراہی میں چلی گئی، جب بھی اتحاد، ایمان و تنظیم کا دامن پکڑا، بگڑتی قوم کے نصیب جاگ گئے، پاکستان سنبھلا اور نیک نامی اور بہت کچھ پایا، لیکن آئین سے روگردانی، بار بار اسے توڑنے چھوڑنے اور اپنی سیاست کے لئے اس سے کھلواڑ کو سیاست دانوں، جرنیلوں اور ججوں نے اپنے اپنے دائروں سے باہر نکل کر وہ کھلواڑ کیا کہ ملک بھی آدھا گیا اور اگلے عشروں کے سفر میں آج وینٹی لیٹر پر نہیں بھی تو آئی سی یو میں تو ہے اور تیرہ مہینے سے ہے۔

پاکستانی بیش بہا پوٹینشل ایسے ٹیسٹ ہوا کہ اتحاد، ایمان اور تنظیم مطلوب سے بہت کم مدتی مقدار میں ہوتے بھی ایٹمی طاقت بن گیا، پانچ گنا دشمن کے حملے کا کامیاب دفاع کیا، طویل اعصر آمرانہ ادوار میں بڑی جمہوری و پارلیمانی قوتوں اور تحریکوں کی تشکیل و تنظیم ہوتی رہی۔ اور بہت کچھ۔ لیکن اس سے مکمل جڑی تلخ حقیقت ملک و آئین شکنی سے لے کر بنے بنائے چلتے چلاتے پاکستان پر قابض مافیہ راج (OLIGARCHY) کے مسلسل حملوں سے ہوئے بار بار ڈیزاسٹر ہیں۔ شاخسانہ پوری قوم کو خوف و ہراس اور سب اداروں کو تقسیم و مسلسل دباؤ میں مبتلا رکھنے والا سیاسی و آئینی اور انتظامی و ابلاغی بحران جاری ہے۔ ماہرین آئین و سیاسیات حتمی رائے دے رہے ہیں کہ حکومتی سیاسی کھلواڑ سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کے انتخابات کو روکنے، عدلیہ کو دھونس دھاندلی سے نیم جامد کرنے اور دونوں صوبوں پر مکمل حکومت نواز فسطائیت اختیار کی قطعی غیرآئینی نگراں حکومتوں کے تسلط سے ملکی آئین ٹوٹ چکا۔ چلیں! اتنی معتبر اور پیشہ ورانہ آراء سے بھی اختلاف کر کے ہم اختتام آئین کی بار بار علانیہ بلکہ چیخ پکار سے آئی ماہرین کی اس رائے سے جزوی اختلاف کر کے امکان لیتے ہیں کہ آئین وزیر دفاع کی رائے (کے مطابق بھی نہیں) ملک وینٹی لیٹر پر بھی نہیں، بلکہ آئی سی یو میں ہے۔ اتنا تو ماننا ہی پڑے گا، وہ بھی فقط اس لئے کہ گرد و نواح سے ظہور پذیر ہوتے مواقع حوصلہ دلاتے ہیں کہ بیمار بحال ہو سکتا ہے۔

15 جون 2023ء کو آئی سی یو میں سسکتے آئین کا ایک حساس ٹیسٹ ہونے والا ہے۔ اس کا نتیجہ آنے والے سالوں میں واضح طور پر ملکی قومی صحت کے بہتر ہونے یا بگڑنے کا تعین کرے گا۔ تین روز بعد کراچی کے میئر کے انتخاب کا سیاسی معرکہ ہونے والا ہے۔ ''معرکہ'' اس لئے کہ یہ کوئی معمول کا انتخاب نہیں، آئین کی بنتے ہی بڑی خلاف ورزی، جواب تک ہو رہی ہے یہ ہوتی رہی اور جاری ہے کہ آئین میں جمہوریت کی تین بنیادی جہتوں (قومی، صوبائی اور مقامی منتخب حکومتوں کا قیام) میں سے عوام الناس کے حقوق و مفادات کی عکاس ''مقامی حکومتوں کے نظام'' کو سول منتخب حکومت نے غصب کر کے آئینی لازمے کے مطابق معمول بننے ہی نہیں دیا۔ مارشل لاؤں میں ہی سول سپورٹ لینے کے لئے اس پر عملدرآمد کر کے مارشل لا رجیم کو ہضم کرنے میں بڑے فیصد کی مدد لی گئی۔ ایوبی دور تو اس کا مخصوص ماڈل (بی ڈی سسٹم) قائم کر کے ہی فرد واحد کی حکومت کو ''جمہوری'' بنا دیا گیا، جو خاصا ہضم ہو گیا تھا۔ آئین سے منحرف ہوتے بلدیاتی اداروں کے قیام کو روکے رکھنے کا سب سے متاثرہ شہر، شہر عظیم کراچی اور دیہی سندھ ہے۔ کراچی کی تیز تر ترقی ہو کر بھی اسی کھلواڑ سے ریورس رہی اور دیہات پسماندہ ہی رہے۔ موجود سندھ حکومت کے تو بس میں نہیں کہ وہ کوڑا اٹھانے، پانی کی تقسیم، نالوں کی صفائی، ٹرانسپورٹ ہر ہر عوامی سروس اپنے ہی اختیار میں رکھے اور رکھ کر بھی کچھ نہ کرے۔ کراچی کی واضح حالت زار کے سینکڑوں ثبوت ریکارڈ پر ہیں۔ اب بھی جو بلدیاتی انتخاب جماعت اسلامی کی جدوجہد اور عدالتی فیصلوں سے ممکن ہوا اس میں بڑا کھلواڑ مچا کر اکثریتی جماعت اسلامی کے واضح منتخب ہوتے میئر کا راستہ روک کر میئر کی جگہ اپنے مسلط کئے سابق ایڈمنسٹریٹر کو ہر حالت میں میئر بنانے کے لئے ہر غیرجمہوری اور غیرآئینی و غیرقانونی حربہ استعمال ہو رہا ہے، جیسے چار مرتبہ انتخاب کا التوا۔ الیکٹورل کالج میں چمک کے استعمال (ہارس ٹریڈنگ) سے لے کر سیاسی مخالف کونسلروں کے اغوا اور غائب ہونے کی خبروں، ثبوتوں اور الزامات سے میڈیا بھرا پڑا ہے۔ خصوصاً تحریک انصاف سے جماعت اسلامی کے میئر شپ کے انتخاب پر اتحاد کے بعد تو کوئی راہ نہیں بچی کہ پی پی کا میئر منتخب ہو لیکن صوبائی وزراء کے دعوؤں کے مطابق 100 فیصد ان کا میئر بننے والا ہے۔ پی پی اپنے جمہوری ہونے کی دعویدار تو بہت ہے لیکن اس کا ہی نہیں اصل میں تو زخمی آئین کا ٹیسٹ ہونے کو ہے۔ 15 جون کا یہ انتخابی معرکہ پاکستان میں شدت سے ملک میں مطلوب آئینی عمل کی بحالی کا نکتہ آغاز بھی بن سکتا ہے۔ لیکن اگر آئی سی یو میں پڑے مریض کی حکومتی مرضی سے جی کوئی ٹیلر میڈ رپورٹ آ گئی تو کراچی ہی نہیں پورے ملک پر اللہ رحم فرمائے۔ وما علینا الا البلاغ۔

ہمارا 2023 اور ہٹلر کا 1923

عرفان صدیقی
☆☆☆



ہمارے 9 مئی کی امریکن نائن الیون سے کوئی مشابہت ہے یا نہیں، یہ ٹھیک ایک صدی قبل جرمنی کے آتش بجاں نازی لیڈر، ایڈولف ہٹلر کی ''شراب خانہ بغاوت'' (BEER HALL PUTSCH) سے کمال درجے کی مماثلت ضرور رکھتا ہے۔ وہی سیاسی عدم استحکام، وہی اقتصادی بدحالی، وہی ایک شوریدہ سر لیڈر، اُس کے باغیانہ بانکپن پر فریفتہ ویسے ہی اندھے، گونگے، بہرے مقلدین، گوئبلز کے معجزہ فن کا شاہکار وہی فریب کارانہ بیانیہ سازی اور وہی کھوکھلے نعرے۔

پہلی جنگ عظیم میں زخمی ہو کر اسپتال پہنچنے والا ایڈولف ہٹلر صحت یاب ہو کر میونخ پہنچا تو اس کے دل و دماغ میں تمنا کا پھول کھل چکا تھا۔ اپنی شعلہ بیانی کے باعث وہ 1920 میں قائم ہونے والی نازی پارٹی کا سرکردہ لیڈر بن گیا۔ تین سال بعد اس نے جرمن حکومت گرانے اور نازی پارٹی کا تسلط جمانے کا منصوبہ بنایا۔ دو ہزار سر بکف انقلابی تیار کئے گئے۔ منصوبے کا آغاز 8 نومبر 1923 کو میونخ کے ایک بڑے روایتی شراب خانے سے ہوا جہاں ہٹلر کے باغیانہ خطاب نے ہزاروں لوگوں پر سحر طاری کر دیا۔ انقلابی جتھے شراب خانے سے نکلے تو مسلح پولیس سے سامنا ہوا۔ پہلی ہی جھڑپ میں سولہ انقلابی ہلاک ہو گئے۔ ہٹلر زخمی ہوا۔ دو دن روپوش رہنے کے بعد پکڑا گیا۔ بغاوت کا مقدمہ چلا۔ وہ ہر روز عدالت میں آگ اُگلتا۔ اُس کے عشاق کی تعداد بڑھتی گئی۔ عدلیہ کے بعض ججوں کے دلوں میں بھی ہٹلر کا عشق سلگنے لگا۔ اُسے بغاوت جیسے سنگین جرم میں بھی صرف پانچ سال قید کی سزا ہوئی۔ ایک جج نے فیصلے میں لکھا۔ ''بغاوت کے حوالے سے متعلقہ قوانین کا اطلاق کسی ایسے شخص پر نہیں ہونا چاہئے جس کے جذبات واحساسات ایک محب وطن جرمن شہری جیسے ہوں۔ جس کی سوچ ایک سچے جرمن جیسی ہو۔ جیسا کہ ایڈولف ہٹلر کی ہے۔'' ابھی صرف نو ماہ ہی گزرے تھے کہ نیک چلنی اور اچھے رویّے کی بنیاد پر ہٹلر کو رہائی کا پروانہ مل گیا۔ جرمنی میں ''صادق'' اور ''امین'' قرار دیئے جانے والا کوئی قانون نہیں تھا ورنہ عدلیہ بصد مسرت اُسے یہ القابات بھی عطا کر دیتی۔

بغاوت جیسے سنگین جرم میں صرف نو ماہ کی پر آسائش (پولیس لائنز اسلام آباد کے آراستہ پیراستہ بنگلے جیسی) قید کے بعد ہٹلر نے مروجہ سیاسی راستہ اختیار کرنے کی حکمتِ عملی اپنائی لیکن اس کے سارے تیور ایک انا پرست، شوریدہ سر اور آمادۂ بغاوت فتنہ پرور جیسے ہی رہے۔ اُسے گوئبلز (GOEBBELS) جیسا ساتھی میسر آ گیا جو بے سروپا الزامات اور جھوٹ پر مبنی فریب کارانہ بیانیہ تراشنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا تھا۔ 1933 کے انتخابات میں ہٹلر کی خطیبانہ حشر سامانیوں اور گوئبلز کے جذبات انگیز بیانیوں نے رنگ دکھایا۔ ایڈولف ہٹلر جرمنی کا چانسلر بن گیا۔ چھ برس بعد ہی اس کی توسیع پسندی نے دوسری جنگ عظیم کی آگ بھڑکائی جو چھ سال تک بھڑکتی رہی۔ ہٹلر ہار گیا۔ گوئبلز کو اپنا جانشین نامزد کیا اور ایک تہہ خانے میں اپنی محبوبہ کے ہمراہ خودکشی کر لی۔ تاریخ کا سب سے بڑا دروغ باف اور بیانیہ ساز گوئبلز صرف ایک دن جرمنی کا حکمراں رہا۔ ہٹلر کی خودکشی کے اگلے دن گوئبلز اور اس کی بیوی نے اپنے اکلوتے بیٹے اور پانچ بیٹیوں کو زہر دے کر ہلاک کر دیا اور پھر دونوں نے خودکشی کر لی۔

یہ طویل کہانی بیان کرنے کا مقصد جرمن مورخین کے تبصروں اور آرا کی طرف توجہ دلانا ہے جو کسی نہ کسی طور اب تک سامنے آ رہی ہیں۔ نتیجہ یہ اخذ کیا گیا ہے کہ اگر نومبر 1923 کی ''شراب خانہ بغاوت'' کو واقعی ملکی دستور کے مطابق ایک سنگین جرم کے طور پر دیکھا جاتا، ہٹلر اور باغی اپنے جرم کے مطابق سزا پاتے تو نہ کبھی نازی جرمنی وجود میں آتا، نہ دنیا دوسری جنگِ عظیم کے آزار سے دوچار ہوتی، نہ چھ کروڑ انسان ایک خودسر شخص کی بپھری ہوئی انا اور پراگندہ فکری کی بھینٹ چڑھتے۔ بحث و فکر کا حاصل یہ ہے کہ ''شراب خانہ بغاوت'' ہٹلر اور نازی پارٹی کا نہایت احمقانہ منصوبہ تھا لیکن باغیوں سے نمٹنے کا طریقہ اُس سے بھی زیادہ احمقانہ تھا۔''

1923 کی شراب خانہ اور 2023 کی زمان پارک بغاوتوں کے درمیان بلا کی مماثلت کے بعد اہل پاکستان کے ذہنوں میں یہ سوال کلبلا رہا ہے کہ ہماری ریاست، شرپسندوں اور فتنہ پردازوں کے ساتھ کیا سلوک کرنے جا رہی ہے؟ کیا 9 مئی کے بعد بھی عمران خان کا شمار سیاستدانوں میں ہوتا ہے اور پی۔ ٹی۔ آئی آج بھی عمومی سیاسی جماعتوں میں گنی جائے گی یا 9 مئی کی بغاوت سے کوئی جوہری تبدیلی واقع ہو گئی ہے؟

9 مئی 2023 تک تمام تر جمہوریت گریز رویّوں کے باوجود پی۔ ٹی۔ آئی سیاسی برادری کا حصہ تھی۔ عمران خان اپنی شوریدہ سری اور فتنہ پرور سرگرمیوں کے باوجود سیاست کے اکھاڑے میں تھے اور سیاستدان ہی شمار ہوتے تھے۔ لیکن کیا 9 مئی کی سوچی سمجھی منصوبہ بند بغاوت اور دو دنوں کی شرمناک دہشت گردی کو بھی عمومی سیاسی حرکیات کے کھاتے میں ڈالا جا سکتا ہے؟ عمران خان کامل ایک برس تک اس ''انقلاب'' کی منصوبہ بندی کرتے رہے۔ اُن کے آتشیں بیانات، فوج کے سینئر عہدیداروں پر سنگین الزامات، آرمی چیف کے بارے میں برہنہ گوئی اور فدائین کو لڑنے مارنے پر اُکسانے کے ناقابل تردید شواہد کو کیسے جھٹلایا جائے؟ انہوں نے ''گوئبلز'' کا لشکر جرار تیار کیا جن کی قدرت فن گوئبلز سے بھی دس ہاتھ آگے تھی۔

انہیں آج بھی یقین ہے کہ کسی آن ایک بھونچال آئے گا اور انہیں اچھال کر زمان پارک سے وزیر اعظم ہاؤس لا بٹھائے گا۔ 9 مئی کی بغاوت کا مقصد بھی اسی بھونچال کو حرکت میں لانا تھا۔ فتنہ وفساد کے دس دن بعد انہوں نے ''مذمت'' کا لفظ بھی اس بے دلی سے ادا کیا جس طرح شادی پر نہ آمادہ ہونے والی مجبور دلہن نکاح کے وقت ہچکیاں لیتے ہوئے ''ہاں'' کہتی ہے۔

امریکہ نے پارلیمنٹ پر حملہ آور ہونے والوں میں سے کسی کو نہیں بخشا۔ برطانیہ نے 2011 کے بلوائیوں کو کڑی سزائیں دیں، چاہے وہ کھڑکی کا ایک شیشہ توڑنے والی تیرہ سالہ بچی تھی یا دو جانگھیے چرانے والی غریب خاتون۔ اگر ہم بھی 2023 کی بغاوت سے 1923 جیسی حماقت ہی سے بچنے اور سنگین جرائم کو انسانی حقوق کی قبائے خوش رنگ پہنا دی تو ملک بھر کی ایک سو سولہ جیلوں میں بند اٹھاسی لاکھ قیدیوں کو بھی رہا کر دینا ہو گا کہ اُن میں سے کسی قیدی کا جرم، 9 اور 10 مئی کے جرائم سے زیادہ سنگین نہیں ہے۔

کبھی بھی وہ اتنا برا نہ تھا

سب جھوٹ
☆☆☆
امر جلیل



بڑھاپے میں بہت سے روگ ہمیں بن مانگے ملتے رہتے ہیں۔ ان پر آپ کا بس نہیں چلتا۔ روگ چاہے کتنا ہی مہلک کیوں نہ ہو، آپ کو قبول کرنا پڑتا ہے۔ آپ انکار نہیں کر سکتے۔ حال ہی میں دنیا کے سب سے بڑے، سب سے نامور فٹ بال ایڈسن آرنٹس نسیمنٹو کا انتقال ہوا ہے۔ یہ دنیا بھر میں پیلے کے نام سے مشہور تھے۔ اٹھاسی برس کے پیلے آنتوں کے کینسر میں مبتلا تھے۔ برسہا برس کینسر سے لڑتے رہے۔ آخر کار ہار گئے۔

ہم نے بھی بن مانگے بڑھاپے کے بہت سے روگ پال رکھے ہیں۔ ایک روگ جو ہم عمر رسیدہ لوگوں میں عام ہوتا ہے، وہ ہے بھول جانے کا مرض۔ ہم راستے بھول جاتے ہیں۔ گلیوں اور محلوں کے نام بھول جاتے ہیں۔ مختلف اشیا کے نام آپس میں گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔

دماغی امراض کے ڈاکٹر فرماتے ہیں کہ بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ ساتھ ہمارے اعضا دل، دماغ، گردے وغیرہ کمزور پڑ جاتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحبان فرماتے ہیں کہ دماغی کام کرنے سے، یعنی دماغ کو مشغول رکھنے سے دماغ بڑی حد تک کارآمد اور تخلیقی کام کرنے کے قابل رہتا ہے۔ میں نے ڈاکٹروں کی ہدایات پر اپنی طرف سے حتی الامکان عمل کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں اپنے لیپ ٹاپ سے شطرنج کھیلتا ہوں۔ اخباروں سے معمہ حل کرتا ہوں۔ جاسوسی ناول اور کہانیاں پڑھتا ہوں۔ ریموٹ کنٹرولر سے چلنے والے کھلونے گاڑیوں، اور بجلی کا پٹروں سے کھیلتا ہوں۔ سیاست کی گتھیاں سلجھاتا ہوں، میرا مطلب ہے گتھیاں سلجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مجھے نہیں معلوم کہ ان تمام تر مشقوں اور ریاضتوں کا مجھے کتنا فائدہ ہوا ہے۔ بس اتنا کہہ سکتا ہوں کہ میں گلی کوچوں اور راستوں کے نام نہیں بھولا۔ مگر مجھے دوسرے قسم کا دماغی روگ لگ گیا ہے۔ اور بدبخت بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ میں اردو، سندھی اور انگریزی کی Spelling بھولتا جا رہا ہوں۔ آپ جب فقیر کو دیکھیں گے، فقیر کو ڈکشنریوں میں گھرا ہوا پائیں گے۔ اسپیلنگ کو ہم اپنی زبان میں کہتے ہیں ہجے، آپ املا بھی کہہ سکتے ہیں۔

ایک محاورے کو لے کر مجھے اپنی کتھا بیان کرنی ہے۔ محاورے کے مفہوم سے میں واقف ہوں، مگر محاورہ بذات خود مجھے ٹھیک سے یاد نہیں۔ محاورہ ہے ''جس کا کام، اسی کو ساجھے۔'' مطلب ہے کہ جو جس کا کام ہے، اسی کو وہی کام کرنے دیں۔ اس شخص کو دوسرے کسی کام میں مت جھونکیں۔ سنا نہیں ہے آپ نے کہ سو سنار کی، ایک لوہار کی۔ آپ لوہار سے سونے کے زیورات بنانے کا کام نہیں لے سکتے۔ سونے سے زیورات بنانے کا کام باریک بینی سے ہوتا ہے، ہارتول اور ہتھوڑے مارنے سے نہیں ہوتا۔ آپ الیکٹریکل انجینئرنگ کا کام مکینیکل یا سول انجینئر سے نہیں لے سکتے۔ یہ اسباق ہیں جو ہمیں تجربات سکھاتے ہیں۔ آپ نے تجربہ کر کے دیکھ لیا۔ آپ نے ایک نامور کھلاڑی، سپر اسٹار کو سیاست کی بھینٹ چڑھا دیا۔ آپ نے عمران خان کی ایسی پذیرائی کی اس قدر بڑھا چڑھا کر اس کی پبلسٹی کی کہ کروڑوں پاکستانی اس خوش فہمی کا شکار ہو گئے کہ عمران خان پاکستان کی ہچکولے کھاتی ہوئی سیاست کو سنبھال لیں گے۔ چلئے مان لیتے ہیں کہ آپ نے عمران کو سیاسی گر اور داؤ پیچ سکھائے تھے، مگر نتیجہ کیا نکلا؟ گندی مچھلیوں کے تالاب میں ایک اچھی مچھلی ڈالنے سے کچھ نہیں ہوتا۔

ڈیگو میراڈونا کو کیوں کسی نے ارجنٹائن کی حکومت جھولی میں ڈالنے کی پیش کش نہیں کی تھی؟ کیوں محمد علی کلے کو امریکہ کا صدر بنانے کی کوشش نہیں کی گئی تھی؟ کیوں کسی سیانے نے پہلے سنیل گواسکر اور بعد میں کپل دیو اور ٹنڈولکر کو ہندوستان کا وزیر اعظم بنانے کی کوشش نہیں کی تھی؟ جو جس کا کام اسی کو ساجھے۔ عمران خان کھیتی باڑی نہیں کر سکتا۔ امپورٹ ایکسپورٹ نہیں کر سکتا۔ ملک میں بند پڑی ہوئی اور بیمار صنعتیں چلا نہیں سکتا۔ عمران خان ملک کو اقتصادی اور معاشی بھنور سے نکال نہیں سکتا۔ یہ اس کے بس کا کام نہیں ہے۔ ایک عام سی بات ہمیں یاد رکھنی چاہئے۔ ہر شخص ہر فن مولا نہیں ہوتا۔ وہ پینٹر ہے، شکر ہے، رائٹر ہے، باکسر ہے، ٹیچر ہے، سیاح ہے، معلم ہے، ایکٹر ہے، مسخرا ہے۔ یہ ہو نہیں سکتا۔ ایک شخص سب کام کرنے کے ہنر نہیں جانتا۔ میں نے آج تک ایسا شخص نہیں دیکھا جو ڈاکٹر ہو، اور پلمبنگ کا کام بھی جانتا ہو۔ عمران خان کو جب بھی میں تقریر کرتے ہوئے سنتا ہوں اور اس کے لہجے، باڈی لینگویج کو دیکھتا ہوں، الفاظ کے چناؤ کا جائزہ لیتا ہوں تب مجھے لگتا ہے وہ تقریر نہیں بلکہ فاسٹ بالنگ، وہ بھی شارٹ پچ اور باؤنسر بیٹس مین کے سر کو تاک کر پھینک رہا ہو۔ ایسے شخص سے آپ سیاست کی امید کیسے رکھ سکتے ہیں؟

آپ نے سیاست کی خاطر ایک سپر اسٹار کی بلی چڑھا دی ہے۔ دکھ ہوتا ہے جب نامور کھلاڑی پر چوری، ہیرا پھیری، فین، اربوں کے گھپلوں، فساد، بغاوت، تخریب کاری اور قتل و غارت گری کے الزام لگتے ہیں۔ عمران خان کی ذاتی اور نجی زندگی بھی سیاست کی بھینٹ چڑھا دی گئی۔ جس طرح سوتے کی کانیں ہم سے سنبھالی نہیں جاتیں۔ اسی طرح ایک عمران خان بھی ہم سے سنبھالا نہ گیا۔

راج .... انور شعورؔ



گو کسی بھی آنکھ سے مخفی نہیں
ملک میں جو حال ہے قانون کا
مقتدر ہے جب سے مسلم لیگ ن
راج ہے قانون کا یا نون کا؟

مستقبل کا سیاسی نقشہ

چہرہ
☆☆☆
مظہر برلاس



mazhar.barlas@janggroup.com.pk

آج کل طرح طرح کی باتیں سننے کو مل رہی ہیں۔ کوئی کہتا ہے الیکشن ہو گا، کوئی کہتا ہے نہیں ہو گا۔ کسی کے نزدیک بلاول بھٹو وزیر اعظم بن رہا ہے اور کسی کے نزدیک کوئی اور۔ کوئی سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی باتیں کرتا ہے تو کوئی کہتا ہے ہم سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہیں کریں گے۔ کچھ کا دعویٰ ہے کہ قاسم کے ابو کو نہیں آنے دیا جائے گا۔ کچھ کی نظریں صدارت پر لگی ہوئی ہیں۔ اس عجیب و غریب منظر میں ہم بھی مستقبل کا سیاسی نقشہ پیش کرتے ہیں۔

پیپلز پارٹی اور ن لیگ میں اندرونی لڑائی جاری ہے۔ اب اس میں شدت آ گئی ہے چند دنوں میں ایک دوسرے کو آنکھیں دکھائی جائیں گی۔ آزاد کشمیر میں ہونے والے ایک ضمنی الیکشن نے لڑائی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ یہاں سے پیپلز پارٹی کے ضیاء قمر، ن لیگ کے مشتاق منہاس اور پی ٹی آئی کے کرنل ضمیر ضمنی الیکشن لڑ رہے تھے۔ یہاں بلاول بھٹو زرداری اور مریم نواز نے الگ الگ جلسے کئے۔ پی ٹی آئی کا کوئی جلسہ نہ ہو سکا کیونکہ پی ٹی آئی زیر عتاب ہے۔ مبینہ طور پر مقامی طاقتور نے طاقت کا وزن پیپلز پارٹی کے پلڑے میں ڈالا تو ن لیگ پریشان ہو گئی۔ الیکشن سے ایک روز پہلے نواز شریف نے ایک اہم طاقتور کو فون کیا اور کہا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ ہمارا امیدوار جیتنا چاہئے۔ وہ طاقتور متحرک ہوا، آخری رات پانسہ پلٹنے کی کوششیں کی جانے لگیں۔ جماعت اسلامی کے اہم رہنما کو کہیں لے جایا گیا۔ حلقے کی دیگر مقبول شخصیات پر بھی دباؤ ڈالا گیا۔ ایسے میں پی ٹی آئی کے امیدوار کرنل ضمیر کے بریگیڈیئر بھائی نے دباؤ قبول نہ کرتے ہوئے اپنے ووٹ پیپلز پارٹی کے امیدوار ضیاء قمر کو ڈلوا دیئے۔ جب یہ بات ایک انتہائی اہم ترین طاقتور شخصیت کے علم میں لائی گئی تو اس نے کہا بس جو جیتتا ہے اسے جیتنے دو۔ الیکشن کی شام ن لیگ نے دھاندلی کی آواز بلند کی اور پھر دو روز بعد ضیاء قمر کے والد سردار قمر زمان نے سب کچھ بتا دیا۔ ان کی گفتگو وائرل ہو چکی ہے۔ پی پی اور ن کی دوسری لڑائی پی سی بی کی چیئرمین شپ پر ہو رہی ہے جبکہ تیسری لڑائی رہ گئی مسلمانوں کے چار لاکھ ووٹوں پر ہے۔ ایک لڑائی منصب صدارت پر بھی ہونے والی ہے۔

ایک اور لڑائی پی ڈی ایم کے اندر ہو رہی ہے۔ مولانا ناراض دکھائی دیتے ہیں۔ پنجاب اور سندھ میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ کے سلسلے میں کئے گئے وعدوں پر عہد شکنی ہو رہی ہے۔ ان سے تو صدارت کا وعدہ تھا، ایک صوبے کی وزارت اعلیٰ کا بھی، لیکن جب سے پرویز خٹک پی ٹی آئی چھوڑ کر سرگرم ہوئے ہیں تو مولانا نے اہم ترین شخصیات کے سامنے شکووں کے انبار لگا دیئے ہیں۔ پنجاب میں الیکٹیبلز (مضبوط امیدواروں) پر لڑائی ہو رہی ہے۔ ان میں سے کچھ آصف علی زرداری نے جھپٹ لئے ہیں، باقی جہانگیر ترین کی کشتی میں بیٹھ گئے ہیں مگر یہ کشتی دریا میں اترتے ہی ہچکولے کھانے شروع ہو گئی ہے بلکہ بھنور میں پھنس گئی ہے۔ اس کشتی سے لوگ چھلانگیں لگانا شروع ہو گئے ہیں۔

اس دوران پی ٹی آئی کی توڑ پھوڑ کا عمل جاری ہے مگر ووٹر نہیں ٹوٹ رہا۔ قاسم کے ابو کے ووٹ پہلے سے بڑھ گئے ہیں، اس صورتحال نے حکمرانوں کی نیندیں خراب کر دی ہیں۔ کوئی اگست میں تو کوئی اکتوبر میں الیکشن کی بات کرتا ہے، کوئی 13 اگست سے دو چار روز پہلے اسمبلی برخاست کر کے تین مہینے کے لئے الیکشن ٹالنا چاہتا ہے، کوئی چھ مہینے تو کوئی ایک سال مدت بڑھانے کی بات کرتا ہے۔ کوئی معاشی ایمرجنسی کی باتیں کرتا ہے مگر مستقبل کے سیاسی آئینے میں یہ صاف دکھائی دے رہا ہے کہ اگر الیکشن ہوئے تو قاسم کا ابو جیت جائے گا۔ پی ٹی آئی کے نوجوان امیدوار بڑے بڑے سیاستدانوں کو شکست فاش دیں گے اور اگر الیکشن نہ ہوئے تو پھر چھ مہینے سال کی بات نہیں، ڈھائی تین سال کے لئے اور لوگ اقتدار میں آ جائیں گے کیونکہ موجودہ حکمران معاشی میدان میں شاندار نتائج دکھانے میں ناکام ثابت ہوئے ہیں اور لانے والوں کے لئے بھی بدنامی کا باعث بنے ہیں۔ یاد رہے کہ بعض بین الاقوامی ادارے معاشی امداد کو انتخابات سے مشروط کر رہے ہیں۔ حالیہ بجٹ میں جو اعلانات کئے گئے ہیں ملکی خزانہ ان کو پورا کرنے سے قاصر ہے۔ بقول فرحت عباس شاہ

ہر لحظہ سر عام ترا پیچھا کریں گے
ترے ہی کئے کام ترا پیچھا کریں گے
تو مجھ کو ڈراتا تھا تو اب خوف کے سائے
ہر روز صبح و شام ترا پیچھا کریں گے
پچھتاوے ڈسیں گے تجھے تنہائی میں آ کر
اور گلیوں میں الزام ترا پیچھا کریں گے

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں00923004647998)

تارکین وطن یا سیکورٹی رسک؟

محمد خان ابڑو
☆☆☆



پاکستان میں اور خصوصی طور پر کراچی میں ہونے والی بیشتر دہشتگردی کی کارروائیوں میں یا بھارت کا ہاتھ ملوث رہا ہے یا پھر افغانستان کا۔ کیوں کہ پاکستان میں برمی، بنگالی اور ہندوستان کے ایجنٹوں کے ساتھ ساتھ بڑی تعداد میں افغانی تارکین وطن موجود ہیں جو چند پیسوں کے لئے کچھ بھی کرنے کو تیار رہتے ہیں، ملک بھر میں 9 مئی کو ہونے والے سیاسی تشدد کے واقعات کے تناظر میں اگر بات کی جائے تو جی ایچ کیو پر حملہ کرنے والے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے ساتھ بڑی تعداد میں افغانی بھی موجود تھے، جو اسلام آباد اور راولپنڈی میں بڑی تعداد میں رہائش پذیر ہیں اب تو راولپنڈی یا اسلام آباد جاؤ تو ہر چند قدم پر آپ کو یہ ملیں گے، ایک طویل عرصے سے غیرقانونی طور پر پاکستان میں مقیم شہریوں کی موجودگی پر بحث ہوتی آئی ہے، درحقیقت ان میں بہت سے سوویت یونین کے خلاف طویل جنگ کے دوران پاکستان میں داخل ہونے کے بعد کئی دہائیوں سے یہاں موجود ہیں اور آتے جاتے رہتے ہیں اور آج بھی آمد جاری ہے، افغانستان سے روزانہ بڑی تعداد میں لوگ پاکستان میں داخل ہوتے ہیں اور پھر واپس جانے کا نام نہیں لیتے کیونکہ وہاں بھوک اور افلاس ہے۔ جتنی بڑی تعداد میں اس وقت افغان کراچی سے پشاور تک موجود ہیں اس سے لگتا ہے کہ آنے والے چند سالوں میں سندھی، پٹھان اور بلوچ تو کیا پنجابی بھی اقلیت میں ہو جائیں گے۔ ایک بات تو سمجھ سے بالاتر ہے کہ ان کے پاس پاکستانی شناختی کارڈ کیوں ہیں؟ کیا یہ جعلی شناختی کارڈ ہیں یا اصلی؟ کیا ہماری حکومت کے پاس ڈیٹا موجود ہے کہ گزشتہ 20 سالوں میں کتنے افغانیوں کو پاکستان کی قومیت دی گئی یا شناختی کارڈ دیا گیا؟ اور کیا ہر ایک کی بائیو میٹرک ہوئی ہے؟ کیوں کہ اکثر ڈکیتی کی وارداتوں کے بعد بتایا جاتا کہ نادرا کے سسٹم میں فنگر پرنٹس میچ نہیں ہو رہے، اگر ایسا ہے تو ایک ایک کر کے تمام افغانیوں کی بائیو میٹرک کیوں نہیں کی جاتی کیوں کہ اس سے پولیس کے پاس ایک بہانہ ختم ہو جائے گا اور ساتھ نادرا کے پاس ریکارڈ بھی مرتب ہو جائے گا۔ میرے نزدیک یہ حیرت کی بات بالکل بھی نہیں کہ یہ تارکین وطن بغیر کسی این آئی سی کے اسلام آباد کی سڑکوں پر گھوم رہے ہیں۔ جب بھی میں اسلام آباد کا سفر کرتا ہوں، میں عام طور پر ان کو دیکھتا ہوں کہ وہ ہر کاروبار میں موجود ہیں اور اسلام آباد میں اچھا خاصہ اثر و رسوخ بھی رکھتے ہیں، حیرت کی بات یہ ہے کہ اسلام آباد اور راولپنڈی جیسے حساس شہروں میں ایسے افغانی بڑی تعداد میں موجود ہیں جنہیں اردو نہیں آتی نہ وہ سمجھ اور نہ ہی بول سکتے ہیں، عام طور پر پاکستان کے پختون لگتے ہیں مگر پاکستان کے پختون بھائیوں کو اردو پر مکمل عبور حاصل ہے لیکن یہ افغانی تاثر دیتے ہیں کہ یہ پاکستانی پختون ہیں۔ انہوں نے پاکستانی ثقافت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیا ہے اور ان میں سے کچھ یہاں پیدا ہوئے تھے لیکن یہاں پیدا ہونے کے باوجود وہ اپنے آپ کو افغانی کہتے ہیں اور پاکستان بمقابلہ افغانستان کرکٹ میچ میں وہ افغانستان کی حمایت کرتے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان میں ہر جگہ افغان شہری ملتے ہیں لیکن جب تک وہ قانونی تقاضوں کو پورا نہیں کرتے ان کو دارالحکومت سے دور رکھنا چاہئے، ان کا بائیو میٹرک عمل کے ذریعے اندراج کرانا بہت ضروری ہے کیونکہ اتنی بڑی تعداد میں وفاقی دارالحکومت میں ہونا یقیناً پاکستان کی سیکورٹی کے لئے خطرناک ہے۔ ہمیں دیر کئے بغیر احتیاطی تدابیر اختیار کرنا چاہئیں۔

افغان جو حال ہی میں غیرقانونی طور پر پاکستان ہجرت کر چکے ہیں وہ کسی حد تک ان لوگوں سے زیادہ مالی طور پر مستحکم ہیں جو طویل عرصے سے پاکستان میں مقیم ہیں، یہ غیرقانونی طور پر مقیم افغان پاکستان میں اپنے مقاصد کے حصول کے لئے کوئی بھی رقم خرچ کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں، لہٰذا ایسا نہ ہو کہ یہ پیسہ استعمال کر کے شناختی کارڈ بنوانا شروع کر دیں، نادرا کو اپنے سسٹم کو مزید مضبوط کرنا ہو گا، یہاں جو افغانی آ گئے ہیں ہم انہیں نکال تو نہیں سکتے، لیکن قانونی کارروائی اور ان سب کی بائیو میٹرک اور ان کے ویزے کی مدت ختم ہونے پر انہیں گرفتار نہ کیا گیا تو آنے والے دنوں میں یہ وطن، ہماری بقا اور سلامتی کے لئے ہندوستان سے بڑا خطرہ ہوں گے۔ عوام اور پورے ملک کی حفاظت کو یقینی بنانے کا یہی واحد راستہ ہے کہ قومی اسمبلی کو بتایا جائے کہ نادرا نے چند سالوں میں کتنے افغانیوں کے شناختی کارڈ جاری کئے اور مزید شناختی کارڈ بننے کا سلسلہ کیسے روکا جائے۔

(کالم نگار کے نام کیساتھ ایس ایم ایس اور واٹس ایپ رائے دیں00923004647998)

قرآن کریم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی ﷺ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کیلئے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہوں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

وفاقی بجٹ، عوام کا امتحان کب ختم ہوگا؟

پیر فاروق بہاو الحق
☆☆☆



پاکستانی قوم کا امتحان ہے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ ایک طرف سیاسی عدم استحکام نے ملکی کاروبار کو منجمد کر رکھا ہے، تو دوسری طرف ڈالر کی اونچی اڑان نے ملکی معیشت کو گہرے زخم لگا دیئے ہیں، درآمدات اور برآمدات کے فرق نے معیشت کی کمر توڑ دی ہے، عام آدمی کے لئے زندگی مشکل ہو کر رہ گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق مہنگائی کی شرح میں 0.21 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 39.26 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ 21 اشیائے ضروریہ مہنگی اور 10 سستی ہوئیں۔ وزارت خوراک پنجاب کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال میں گندم فی من 2570 روپے، آٹا فی کلو 50 روپے، روٹی 5 روپے اور نان کی قیمت میں 13 روپے اضافہ ہوا۔ ڈالر کی بڑھتی ہوئی قیمت کے باعث 2022 میں دو بار گندم کی امدادی قیمت بڑھا کر 2300 روپے کی گئی جو اپریل 2023 میں 3970 روپے ہو گئی۔ یوں ایک سال میں فی من گندم کی قیمتوں میں 2570 روپے کا تاریخی ہوشربا اضافہ ہوا۔ اوپن مارکیٹ میں گندم فی من 5400 روپے اور 20 کلو آٹے کا تھیلا 2850 روپے میں فروخت ہوا۔ مہنگائی کے اس تناسب سے عوام پر 100 فیصد اضافی بوجھ پڑا۔ وزارت خوراک کی جانب سے جاری کردہ معلومات کے مطابق جون 2022 میں سادہ روٹی 10 روپے تھی جو رواں سال 5 روپے اضافہ کے بعد 15 روپے کی ہو گئی۔ 2022 میں سادہ نان 12 روپے کا تھا جو 25 روپے کا ہو گیا اور اس وقت اوپن مارکیٹ میں روٹی 20 روپے اور نان 30 روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ گزشتہ سال دس کلو آٹے کا تھیلا 607 روپے اور 20 کلو آٹے کا تھیلا 1208 روپے کا تھا جو 2023 میں بالترتیب 1214 روپے اور 2417 روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔ یہاں پر ہم نے بنیادی انسانی ضرورت کا جائزہ پیش کیا ہے۔ جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں 100 فیصد سے بھی زیادہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اس وقت ایک سو سے زیادہ ادویات ایسی ہیں جن کا خام مال ڈالر کی قیمتوں میں عدم استحکام کے باعث بیرون ملک نہیں منگوایا جا سکا۔ جس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ وہی ادویات مارکیٹ سے ناپید ہو چکی ہیں۔ امن و امان کی خراب صورتحال، بدتر معاشی حالات کے دنوں میں ہی پی ڈی ایم سرکار کی جانب سے بجٹ میں کسی ریلیف کی توقع رکھنا خام خیالی ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق نئے بجٹ کا کل حجم 14 ہزار 460 ارب روپے رکھا گیا ہے، انتخابات کی تیاری کے طور پر ترقیاتی کاموں کے لئے 1150 ارب روپے کی تاریخی رقم مختص کی گئی ہے، آمدن کا ہدف 9200 ارب روپے مقرر کیا گیا ہے جبکہ قرضوں کے سود کی ادائیگی پر 7303 ارب روپے خرچ ہوں گے۔ دفاعی اخراجات میں 218 ارب روپے کا اضافہ کر کے 1804 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ شعبہ تعلیم کیلئے صرف 82 ارب اور صحت کیلئے اس سے بھی کم یعنی صرف 26 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ پرائم منسٹر یوتھ لون کے لیے 10 ارب روپے رکھے گئے ہیں، ہائر ایجوکیشن کمیشن کیلئے کرنٹ اخراجات میں 65 ارب اور ترقیاتی اخراجات کی مد میں 70 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کا بجٹ چالیس ارب کے اضافے کیساتھ 400 ارب کر دیا گیا ہے، 50 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کیلئے 30 ارب روپے رکھے گئے ہیں، معاشرے کے غریب طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے استعمال شدہ کپڑوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے، انفارمیشن ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کیلئے اس سے منسلک آلات سے ریگولیٹری ڈیوٹی ختم کرنے کی تجویز بھی بجٹ میں شامل ہے، معیاری بیجوں کے استعمال کو فروغ دینے کے لئے ان کی درآمد پر تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز ختم کر دی گئی ہیں، صحافیوں کی ہیلتھ انشورنس کے لئے ایک ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی کے لئے اہم اقدامات اور ترسیلات زر میں اضافے کی خاطر بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے پرکشش مراعات بھی بجٹ کا حصہ ہیں جبکہ عام انتخابات کیلئے 48 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ گنجائش نہ ہونے کے باوجود انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر خزانہ نے اتحادی حکومت کی جانب سے ایک انتخابی بجٹ پیش کیا ہے جس میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں ریکارڈ 30 سے 35 فیصد، پنشن میں 17.5 فیصد اور دیگر الاؤنسز میں اضافے کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ نجی شعبے کے ملازمین کی کم از کم اجرت 32000 روپے کر دی گئی ہے۔ بجٹ میں آئی ٹی سیکٹر، نوجوانوں اور اوورسیز پاکستانیوں کو مراعات دی گئی ہیں اور آئی ٹی ایکسپورٹ کا ہدف 2.5 ارب ڈالر سے بڑھا کر 4.5 ارب ڈالر رکھا گیا ہے۔ سولر پینل پر ڈیوٹی میں کمی شمسی توانائی سے بجلی پیدا کرنے میں مدد دے گی۔ بجٹ کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ بجٹ کے حجم میں 34 ارب ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی اور اس مرتبہ بجٹ 341 ارب ڈالر رہ گیا۔ سود کی ادائیگیوں کا دباؤ بڑھ کر GDP کے 67 فیصد تک پہنچ گیا ہے اور وفاق کو صوبوں کو فنڈز کی ادائیگی کے بعد سود کی ادائیگی کیلئے بھی قرضے لینا پڑیں گے۔ اس سال GDP گروتھ گزشتہ سال کے 6.1 فیصد سے کم ہو کر صرف 0.29 فیصد رہ گئی ہے۔ معیشت کے تینوں شعبوں زراعت، صنعت اور سروس سیکٹر کی کارکردگی گزشتہ سال کے مقابلے میں مایوس کن رہی اور کوئی شعبہ اپنے طے کردہ اہداف حاصل نہ کر سکا۔ فی کس آمدنی میں بھی 11 فیصد کمی ہوئی۔ بظاہر یہ اعداد و شمار کا ایک گورکھ دھندہ ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ گزشتہ ایک سال سے کسی اچھی خبر سننے کو کان ترس گئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے یہ مژدہ تو سنایا کہ ہم ڈیفالٹ نہیں کر رہے لیکن اہل نظر کہہ رہے ہیں اس کی ساری علامات پوری ہو چکی ہیں۔ محض سرکاری اعلان باقی ہے۔ مایوسی کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں دور دور تک روشنی کی واحد کرن منصفانہ انتخابات ہیں۔ عوامی حمایت یافتہ لیڈرشپ اس ملک کو گرداب سے نکال سکتا ہے۔

ہندوتوا اور نازی ازم

جستجو
☆☆☆
ایس اے زاہد



اس میں کوئی شک نہیں کہ بھارت ایک فسطائی اور ایک انتہا پسند ریاست ہے جو ہندوتوا کے فروغ کے لئے ہر حد کو پار کرتی جا رہی ہے انسانی حقوق کی بدترین پامالی جتنی بھارت کر رہا ہے شاید ہی دنیا کے کسی اور ملک میں ہو رہی ہو۔ بھارت میں جو ظلم دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کے ساتھ اور مظلوم کشمیریوں کے ساتھ ہو رہا ہے اس کی دنیا میں کہیں اور مثال نہیں ملتی۔ بھارت نے نازی ازم کو دوبارہ زندہ کر دیا ہے ہٹلر بھی یہودیوں سمیت دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کے خلاف تھا، اسی کی پیروی بھارت بھی کر رہا ہے۔ لیکن افسوس کہ امریکہ سمیت دیگر عالمی طاقتوں کو نہ تو بھارت کا غیر ہندوؤں پر ظلم نظر آتا ہے نہ ہی بھارت اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین پامالی نظر آتی ہے۔ پاکستان نے جو ڈوزیئر اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں کے سامنے پیش کیا اس پر بھی انسانی حقوق اور بڑی ممالک کے اندر عدم مداخلت کے نام نہاد علمبرداروں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ یہ دنیا میں ان عالمی طاقتوں کی کھلی منافقت نہیں تو اور کیا ہے۔

گزشتہ کافی عرصہ سے بھارت میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کا راج ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ بی جے پی ایک انتہا پسند جماعت ہے۔ جو آر ایس ایس نامی ذیلی دہشت گرد تنظیم کے زیر اثر ہے۔ ہندوتوا کا فروغ اس تنظیم کی بنیاد ہے۔ اور بی جے پی کو اسی بنیاد پر دوبارہ اقتدار ملا ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ آر ایس ایس نازی ازم کی پیروکار ہے جس کا وہ متعدد بار کھل کر اپنی تحریروں میں بھی اظہار کر چکی ہے۔ اس سے اندازہ لگائیے کہ ایسی تنظیم جو بھارت میں ہندوؤں کے علاوہ دیگر کسی مذہب کو برداشت نہ کرتی ہو اور ہندوتوا کے فروغ کے لئے نازی ازم کی حامی ہو اس ملک میں دیگر مذاہب والوں کا کیا حال ہو گا اور انسانی حقوق کس سطح پر ہوں گے۔ اب تو بھارت میں یہ حالت ہو گئی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو ہٹلر سے مکمل تشبیہ دی جاتی ہے۔ اور یہ تشبیہ درست بھی ہے کیونکہ ہٹلر کی طرح نریندر مودی بھی نسل پرستانہ نظریات اور متعصب سوچ رکھتے ہیں۔ اور یہ بھی کہ وہ اسی دہشت گرد، متعصب اور نسل پرست تنظیم کا بنیادی رکن ہے جس کا نام راشٹریہ سیوک سنگھ آر ایس ایس ہے۔

